جماعت اسلامی کا احتجاجی دھرنا جاری، شرکاء کی تعداد میں مزید اضافہ

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) جماعت اسلامی کا احتجاجی دھرنا نویں روز میں بھی جاری دھرنے کے شرکاء کی تعداد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مانسہرہ، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ٹرانسپورٹرز کیخلاف کارروائیاں

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ٹریفک پولیس مانسہرہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیوروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ہائیکورٹ میں رٹ دائر ہونے پر صوبائی حکومت و پیپلز پارٹی آمنے سامنے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) جامعات اراضی کی فروخت پشاور میں ہائیکورٹ میں رٹ دائر صوبائی حکومت اور پیپلز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سابق پی ٹی آئی دور میں ہونے والے گھپلے بے نقاب نہ ہو سکے

ہری پور (محمد جاوید عباسی سے) سابقہ پی ٹی آئی دور میں کی جانے والی میگا کرپشن ملین اربوں روپے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

مہانڈری 6 روز مسلسل بندش کے باعث شاہراہ کاغان کو عارضی پل بنا کر بحال کر دیا گیا

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) شاہراہ کاغان کو چھ روز بعد پیدل راستہ کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12) بالاکوٹ (تحصیل رپورٹر) مہانڈری میں عارضی متبادل راستہ بحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

E-mail dailyshamal1991@gmail.com dailyshamal.com.pk

A.B.C CERTIFIED صوبہ خیبر پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

فون نمبر 0992-385577

بیاد نیاز پاشا جدون

جلد نمبر 35 پیر 29 محرم الحرام 1446ھ 5 اگست 2024ء 22 ساون 2080 ب صفحات 4 قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 162

بیدادی رشتہ داروں کے گھر جانیوالی خاتون بچے سمیت برساتی نالے میں بہہ گئی

بچہ جاں بحق، خاتون کو بچا لیا گیا

بیدادی کے قریب پانی کے تیز بہاؤ میں آ کر خاتون بچے سمیت نالے میں گری، مقامی افراد نے جان پر کھیل کر خاتون کو بچا لیا لیکن بچہ زندگی کی بازی ہار گیا، خاتون کا تعلق ہولیاں سے تھا جو اپنے رشتہ داروں کے گھر جا رہی تھی

ڈھوڈیال (کرائم رپورٹر) بیدادی رشتہ داروں کے گھر آنے والی خاتون بچے سمیت برساتی نالے میں بہہ گئی۔ بچہ جاں بحق جبکہ خاتون بچ گئی ذرائع سے حاصل ہونے والی اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز شام کے بعد ہونے والی طوفانی بارش کے باعث بیدادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مانسہرہ، وادی کاغان مہانڈری کے مقام پر پل اراضی تعمیر کے موقع پر پی ٹی آئی کے سینئر رہنما و سابق امیدوار این اے چودھری سلیم عمران سواتی و دیگر موجود ہیں

قادیانی مبارک ثانی کی درخواست پر دیا گیا فیصلہ واپس کرنا ہو گا

ختم نبوت بل کو چھیڑنے کی کسی کو جرات نہیں ہو سکتی، مولانا مفتی کفایت اللہ

بفلوڑہ (نمائندہ شمال) سپریم کورٹ کو قادیانی مبارک ثانی کی درخواست پر دیا گیا فیصلہ واپس کرنا ہو گا جب تک پاکستان قائم ہے ختم نبوت بل کو چھیڑنے کی کسی کو جرات نہیں ہو سکتی، تحفظ ختم نبوت مولانا مفتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پولیس شہداء کی قربانیوں کی بدولت ضلع مانسہرہ میں امن قائم ہوا ہے

شہدائے پولیس کے لواحقین خود کو کسی طور پر بھی تنہا نہ سمجھیں پوری پولیس فورس ان کے ساتھ ہر خوشی اور غم کے موقع پر کھڑی ہے، ڈی پی او مانسہرہ

بفلوڑہ (نمائندہ شمال) ضلع مانسہرہ میں یوم شہدائے پولیس کو شایان شان طریقے سے منایا جا رہا ہے اور شہدائے پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

مانسہرہ، متعدد میڈیکل سٹورز پر نشہ آور ادویات کی فروخت جاری

غریب عوام کی زندگیوں کو خطرہ میں ڈالا جا رہا ہے، کارروائی کی جائے، عوامی مطالبہ

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ متعدد میڈیکل سٹورز پر نشہ آور ادویات و انجکشن سمیت مہنگی ادویات فروخت کا سلسلہ بدستور جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلامی ریاست میں کافر اور مرتد میں شریعت فرق رکھتی ہے

پیر دوست محمد قادری کا جامع مسجد فیضان مدینہ میں علماء کرام سے اظہار خیال

کلیگہ (نمائندہ شمال) اسلامی جمہوریہ پاکستان میں غیر مسلم اقلیت میں بہت ساری قومیں رہتی ہیں مگر مسلمان ان کے ساتھ بھائیوں جیسا برتاؤ کرتے ہیں مگر جماعت احمدیہ قادیانی مرزائی اور لاہوری قادیانی مرزائی دونوں مرتدین اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ملک کے پندرہ فیصد عیاش طبقے نے وسائل پر قبضہ جما رکھا ہے

راولپنڈی کا دھرنا کسی بھی وقت ڈی چوک اسلام آباد کا رخ کرے گا، بابا وقار احمد

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) ممتاز سماجی کاروباری شخصیت بابا وقار احمد نے کہا ہے کہ حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں مری روڈ راولپنڈی کا عوامی دھرنا ملک کے 85 فیصد غریب عوام کو وسائل کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

خیبر پختونخواہ کا 5 اگست سے تمام کالجز کھولنے کا اعلان

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) خیبر پختونخواہ کا 5 اگست کو تمام کالجز کھولنے کا اعلان، باخبر ذرائع کے مطابق صوبائی وزیر مینا خان آفریدی کی خصوصی ہدایت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شنکیاری میں مون سون کی بارش، بازار گلیاں ندی نالوں میں تبدیل

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) مون سون کی بارشیں جاری، گزشتہ روز عصر کے وقت شنکیاری اور گرد و نواح میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

مہانڈری دریا کے کنہار پہنچنے والی جھیل میں پانی کی سطح بتدریج بلند ہونے لگی

دریا کے قریب آبادی سمیت بازار بھی ڈوبنا شروع ہو وادر یا پر بند ٹوٹنے کے باعث بالاکوٹ شہر گڑھی حبیب اللہ سمیت دیگر کئی علاقے بھی متاثر ہونے کا خدشہ، حکومتی بے حسی پر عوام سراپا احتجاج

بالاکوٹ (تحصیل رپورٹر) سیلاب سے متاثرہ علاقے مہانڈری میں دریائے کنہار پر بننے والی جھیل میں پانی کی سطح بتدریج بلند ہوتی جا رہی ہے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

بھرتیوں، تبادلوں، تعیناتیوں میں ایزی لوڈ کی وصولی، رشوت کے عوض بھرتیاں، تحقیقات شروع، کمیٹی تشکیل

منافع بخش پوسٹوں پر بھرتیوں تبادلوں اور تعیناتیوں کے عوض رشوت وصول کرنے کے سنگین الزامات کی بازگشت بانی پی ٹی آئی عمران خان تک جا پہنچی تحقیقات کیلئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دیدی گئی وزراء کی تبدیلی بھی متوقع

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) بھرتیوں تبادلوں اور تعیناتیوں میں بھاری ایزی لوڈ کی بازگشت نے علی امین گنڈاپور کی حکومتی کابینہ میں ہلا کر ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19) ہری پور (بیورو رپورٹ) کے پی میں بد عنوانی کی شکایات، عمران خان نے جائزے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ایبٹ آباد، یوم شہداء پولیس کے موقع پر ڈی آئی جی ہزارہ و کمشنر ہزارہ یادگار شہداء پر پھول چڑھا رہے ہیں دوسری جانب دعا کی جا رہی ہے

ممبر بورڈ آف گورنرز عالم زیب کا ایوب میڈیکل کالج کا دورہ

اس موقع پر ممبر بی او جی نے کالج میں جھاڑیوں کی کٹائی پر اطمینان کا اظہار کیا

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ممبر بورڈ آف گورنرز ڈاکٹر عالم زیب منان نے ایوب میڈیکل کالج کا دورہ کیا ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ہری پور میں رکشے کے کرایوں پر کنٹرول نہ ہو سکا

ہری پور (انچیف کرائم رپورٹر) ہری پور میں رکشے کے کرایوں پر کنٹرول نہ ہو سکا، سیکرٹری RTA سے عملدرآمد کروانے کا مطالبہ ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

چیئرمین ڈیلیگ کمیٹی مانسہرہ اکرام غازی ایم پی اے اپنی رہائشگاہ پر کھلی کچہری کے دوران عوامی مسائل سن رہے ہیں

عمران خان پاکستان کے کروڑوں عوام کے دلوں کی آواز بن چکے ہیں

آج کے جلسہ میں مانسہرہ سے تمام پارٹی عہدیداران و کارکنان شرکت کر کے عمران خان سے محبت کا ثبوت دیں گے، سلیم عمران

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) آج صوابی میں منعقد ہونے والے جلسہ میں ضلع مانسہرہ سے تمام پارٹی عہدیداران و ہزاروں کارکنان شرکت کر کے عمران خان سے محبت کا ثبوت دیں گے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

شنکیاری میں منی اڈوں کیخلاف گرینڈ آپریشن، درجنوں گاڑیاں بند

آپریشن ٹریفک ایس پی اور ٹریفک انسپکٹر واجد خان کی خصوصی ہدایت پر کیا گیا

ٹانڈہ (جنرل رپورٹر) شنکیاری میں منی اڈوں کی وجہ سے شہریوں کو پیدل چلنے میں سخت دشواری کے ساتھ ساتھ ٹریفک نظام بھی ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

چند لوگوں کی نااہلی کی وجہ سے علاقے کی سیاحت کو تباہ کر دیا گیا، صالح محمد

صرف شہرت کیلئے سیاست کرنے والوں کو مانسہرہ کے عوام پہچان چکے ہیں، مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہوں

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) مہانڈری کا عارضی پل وہ اپنے خرچے پر تعمیر کر کے علاقے کی سیاحت کو بحال ... الحاج صالح محمد خان نے مشکل کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ڈرائیونگ لائسنس برانچ پھلڑہ میں بائیو میٹرک ڈیوائس مہیا کر دی ہے

دیگر ضروری سہولیات بھی جلد میسر ہوں گی، شاہنواز خان کی وحید انجم خان سے گفتگو

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈرائیونگ لائسنس برانچ پھلڑہ کو بائیو میٹرک ڈیوائس مہیا کر دی گئی ہے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ایبٹ آباد، ضلعی صدر سید سلیم شاہ پیپلز پارٹی لوئر تناول کے عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

عوامی حلقوں نے سرکوٹ میں پولیس چوکی کے قیام کا مطالبہ کر دیا

سری کوٹ (نامہ نگار) عوامی حلقوں نے سرکوٹ میں پولیس چوکی کے قیام کا مطالبہ کر دیا ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

تعلیم یافتہ نوجوانوں کا ملک چھوڑنا سیاستدانوں کیلئے کھلا سوال ہے

ہزاروں گریجویٹ اور ہنرمند نوجوان بیرون ملک جا رہے ہیں، صلاح الدین خان

(نامہ نگار) تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کا ملک چھوڑنا ہمارے سیاستدانوں کے لیے کھلا سوال ہے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مولانا قاری عبدالمالک نقشبندی نامور علماء کرام میں شامل تھے

مرحوم کے دینی کام اور سماجی کام رہتی دنیا تک یاد رکھے جائیں گے، مولانا گرگی

مانسہرہ (نامہ نگار) مولانا قاری عبدالمالک نقشبندی رحمہ اللہ علیہ عالم اسلام کے نامور علماء کرام میں شامل تھے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

محکمہ پولیس اپنے شہداء کے خاندان کی کفالت کیلئے ہر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے

ہم دہشت گردوں اور ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں ان کے خاتمے تک خیبر پختونخواہ پولیس اپنی کوششوں کو جاری رکھے گی، ڈی آئی جی

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر ہزارہ سید ظہیر الاسلام اور ڈی آئی جی ہزارہ طاہر ایوب خان کی 04 اگست یوم شہدائے پولیس کے حوالے سے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

گلناز شاہ کی سلیم عمران سواتی سے ملاقات، صوابی جلسہ پر بات چیت

جلسہ کیلئے جانیوالے پارٹی کارکنان کیلئے دوران سفر بہترین انتظامات پر بھی تبادلہ خیال

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) سید گلناز شاہ کی سلیم عمران سواتی سے ملاقات ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ضلع ہری پور میں 400 سے زائد تھیلیسیمیا کے مریض رلنے لگے

ہری پور (چیف رپورٹر) ضلع ہری پور میں 400 سے زائد تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچے اور ان کے والدین رل گئے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل لوئر تناول کی تقریب حلف برداری ہوئی

صدارت ضلعی صدر سید سلیم شاہ نے کی جبکہ مہمان خصوصی ملک فاروق تنولی تھے

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل لوئر تناول کی تقریب حلف برداری ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

دوسرے شہریوں سے آئے پیشہ ور بھکاریوں نے انت مچا دی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) دوسرے شہریوں سے آئے پیشہ ور بھکاریوں نے انت مچا دی ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

زاہد چن زیب کی قیادت میں آج بڑا قافلہ صوابی کیلئے روانہ ہو گا

ہزارہ ڈویژن سے ہزاروں کارکنان و عہدیداران آج جلسہ میں شریک ہوں گے

ایبٹ آباد (چیف رپورٹر) حلقہ pk38 ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ایف سی ہیڈ کوارٹر اوگی میں شہداء پولیس کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

لازوال قربانیوں پر شہداء کو زبردست الفاظ میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

اوگی (بیورو رپورٹ) ایف سی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اوگی میں یوم شہداء کے حوالے سے خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کشمیری برادری بھارت کے عزائم خاک میں ملانے کیلئے تیار ہیں

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) سابق امیدوار اے 45 دلی 6 خان عبدالناصر خان نے کہا ہے کہ بھارت نے پانچ اگست 2019 میں ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پھلڑہ ایس پی ٹریفک مانسہرہ شاہنواز خان بانی تحصیل تناول پھلڑہ وحید انجم خان سے گفتگو کر رہے ہیں

کمپلیکس، سینئر ایڈمن آفیسر جنرل جواد تاج کو FMD بننے پر سٹاف مبارکباد اور پھول پیش کرتے ہوئے

ٹی آئی پی اور منگ روٹ پر ڈرائیور انسانی جانوں سے کھیلنے لگے

ٹریفک اہلکاروں نے آنکھیں موند لیں، عوامی سماجی حلقوں کا اصلاح احوال کا مطالبہ

ٹی آئی پی (کرائم رپورٹر) ٹی آئی پی اور منگ روٹ پر چلنے والی سوزوکیوں اور دیگر گاڑیوں نے ٹریفک قوانین کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

تحریک پورے ملک میں پھیلے گی، حکومت کے پاس فرار کا راستہ نہیں

حکومتی کمیٹی کو مطالبات ناقابل عمل لگ رہے ہیں تو دھرنا اور میڈیا کے سامنے بات کرے، حافظ نعیم الرحمن

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ فارم 47 والے خیال کریں ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

میڈیکل ٹیکنیشن اور ڈاکٹروں نے عوام کو لوٹنا شروع کر دیا

بغیر ٹیسٹ و تشخیص، لوگوں کو خطرناک موذی بیماری کا مریض بنا دیا جاتا ہے

ہری پور (ڈاکٹر اعظم خان سے) ضلع ہری پور میں میڈیکل ٹیکنیشن اور ڈاکٹروں نے عوام کو لوٹنا شروع کر رکھا ہے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ضلع ہری پور میں نانبائیوں نے روٹی کا وزن 98 گرام کر دیا

ہری پور (چیف رپورٹر) ضلع ہری پور میں نانبائیوں نے روٹی کا وزن 98 گرام کر کے قیمت 20 روپے مقرر کر دی ... 300 روپے بڑھنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ٹی ایم اے ایمپلائز یونین حقوق کے حصول و تحفظ کیلئے میدان میں آ گئی

آج ہنگامی اجلاس طلب، عدم تحفظ سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے اہم فیصلے متوقع

مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) ٹی ایم اے ایمپلائز یونین اپنے حقوق کے حصول اور تحفظ کے لئے میدان میں آ گئی ... 11 بجے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

جبوڑی گلی کھتر روڈ پل کی دیواریں ٹھیکیدار نامکمل چھوڑ کر چلا گیا

جبوڑی (نمائندہ خصوصی) گلی کھتر روڈ پل کی دیواریں ٹھیکیدار نامکمل چھوڑ کر چلا گیا ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

فیڈرز پر ناقص نظام، بجلی بندش دورانیہ اٹھارہ گھنٹوں تک پہنچ گیا

لائن لاسز کی وجہ سے بجلی بند کرنا معمول بنا لیا ہے، صارفین بجلی کو مشکلات کا سامنا

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) فیڈرز پر بجلی کا ناقص نظام ... 31 تاریخ ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینٹ کا اجلاس طلب کر لیا

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) صدر مملکت نے سینیٹ کا اجلاس آج بروز پیر پانچ اگست کو طلب کر لیا ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

رہائشی آبادیوں میں غیر قانونی پارکنگ، نجی ہسپتالیں دردِ سر بن گئیں

گلی محلوں راستہ میں غیر قانونی پارکنگ کی وجہ سے جھگڑے روز کا معمول بن گئے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ محلہ چنئی رہائشی آبادیوں میں بغیر پارکنگ نجی ہسپتالیں عوام کیلئے درد سر بن گئی ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مانسہرہ، سابق وزیر جنگلات حاجی ابرار حسین تنولی ملک محمد فاروق تنولی اور سینئر صحافی غفار خان ایک تقریب میں شریک ہیں

اسلام آباد پولیس بھرتی، صوبوں کے امیدواروں کو شامل کیا جائے

صوبے ہیں تو وفاق ہے، صوبوں کے نوجوانوں کی حق تلفی نہ کی جائے، محمد صادق

پھلڑہ (نمائندہ شمال) اسلام آباد پولیس میں بھرتی کیلئے چاروں صوبوں سے امیدواروں سے اپلائی کراتے ہوئے ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کی آڈٹ رپورٹ جاری کر دی

ہری پور (نیوز رپورٹر) جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کی آڈٹ رپورٹ جاری کر دی ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد
روزنامہ شمال ایبٹ آباد مظفر آباد سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے ۔۔۔ گیلپ، این آر ایس، آئی سی اے پی
روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے
ایبٹ آباد مرکزی دفاتر: پلاٹ نمبر A-6 سمال انڈسٹریز اسٹیٹ ایبٹ آباد۔ فون نمبر 0992-385577 موبائل نمبر 0314-5003149 فیکس 0992-385575,385576,385578 Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk
سوات: فون نمبر 0946-711788,711700 فیکس 0946-720452
مانسہرہ بیورو
کراچی: فون نمبرز 021-2752266,2752421 فیکس 021-2752422 Email: shamalkarachi@yahoo.com
ہری پور بیورو: محمد جاوید عباسی
راولپنڈی/اسلام آباد: حاجی وحید الزمان 0334-5009600 0301-8149023
مظفر آباد: فون نمبر 05822-446938 فیکس 05822-446842 Email: shamalmzd2011@gmail.com
حویلیاں بیورو

پیر 29 محرم الحرام 1446ھ 5 اگست 2024ء 22 ساون 2080ب

لیبر ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی ہے

ہزارہ بھر میں حطار انڈسٹریل اسٹیٹ مختلف شہروں میں قائم سمال انڈسٹریز میں موجود فیکٹریز اور ملوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی زندگیوں کی حفاظت کیلئے کوئی بھی حفاظتی اقدامات نہیں اٹھائے جاتے یہی وجہ ہے کہ آئے روز فیکٹریوں اور ملوں میں حادثات کے باعث کئی مزدور اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اوپر سے ستم ظریفی یہ ہے کہ فیکٹری اور ملوں کے مالکان ان مزدوروں کی جانوں کے ضیاع یا پھر ان کے معذور ہونے والے مزدوروں کی امداد کی بجائے انہیں ملازمتوں سے بھی نکال دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہری پور میں حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کے بعض کارخانوں سمیت دیگر اینٹوں کے بھٹوں اور چھوٹی چھوٹی فیکٹریوں میں بھی مزدوروں کا استحصال کیا جا رہا ہے اور وہاں پر لیبر لاز کی دھجیاں بکھیری جا رہی ہیں ان فیکٹریوں اور بھٹوں پر چھوٹے چھوٹے بچوں سمیت بزرگوں اور خواتین کو بھی مظالم کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کم سے کم اجرت کے قانون کو بھی جوتے کی نوک پر رکھ دیا گیا ہے جبکہ مزدوروں کے مقررہ ڈیوٹی اوقات سے بھی کہیں زیادہ وقت ان سے محنت مشقت کروائی جاتی ہے لیکن ان کی محنت کے لحاظ سے انہیں اجرت نہیں دی جاتی ہے۔ پچھلے کتنے ہی عرصہ سے ہری پور سے لیبر لاز کی دھجیاں بکھیرنے اور مزدوروں پر تشدد اور مظالم ان کے حقوق سلب کرنے اور کم اجرت دینے کے بارے میں شکایت مسلسل آ رہی ہیں لیکن تاحال اس جانب سے کسی نے بھی کارروائی کرنے کی زحمت گوارہ نہیں کی ہے صوبائی حکومت کی جانب سے بھی مزدوروں کی کم سے کم مقررہ اجرت کے قانون کو بھی مالکان نے جوتے کی نوک پر رکھ دیا گیا ہے۔ دیگر فیکٹریوں اور انڈسٹریوں سمیت اینٹوں کے بھٹوں پر بھی مزدوروں کے ساتھ یہی سلوک روا رکھا جا رہا تھا اس دوران اینٹوں کے بھٹوں پر محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے لوگوں نے اپنے حقوق کیلئے کئی بار احتجاج کیے، ہڑتالیں کیں لیکن کہیں سے بھی انہیں انصاف ملنے کی کرن نہیں دکھائی دی۔ اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرنے والے مزدوروں کو ان کی مشقت کے لحاظ سے انتہائی کم اجرت دی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مقررہ ڈیوٹی اوقات سے کہیں زیادہ وقت ان سے بیگار لی جاتی ہے اس کے ساتھ ساتھ انڈسٹریوں اور فیکٹریوں میں مزدوروں کی زندگیوں کی حفاظت کیلئے بھی کوئی انتظامات نہیں کیے جاتے۔ آئے روز حفاظتی اقدامات نہ ہونے کی بدولت کتنے ہی مزدور اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں اور کتنے ہی معذور ہو کر اپنے گھروں میں پڑے ہیں ان مالکان کی طرف سے مظالم کی انتہاء ہے کہ جب مزدور دوران ڈیوٹی مختلف مشینوں کی زد میں آ کر زندگی بھر کیلئے معذور ہو جاتے ہیں ان کے علاج معالجہ تک توجہ نہیں دی جاتی انہیں ان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ صوبائی حکومت سمیت ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام کو اس جانب فوری توجہ دینی چاہیے اور مزدوروں کی کم سے کم اجرت کے قانون کو بھی لاگو کیا جائے جو فیکٹری، انڈسٹری اور بھٹہ خشت مالکان مزدوروں کو کم اجرت دیتے ہیں، ان سے مقررہ وقت سے زیادہ کام لیتے ہیں ان کیخلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ مزدوروں کی پریشانیاں ختم ہو سکیں اور ان کی مشکلات کا بھی ازالہ ہو سکے اور تمام فیکٹریوں اور ملوں میں مزدوروں کی دوران ڈیوٹی حفاظتی اقدامات نہ رکھنے والی فیکٹریوں کیخلاف کارروائی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ مزدوروں کی زندگیاں بھی محفوظ بنائی جا سکیں

ایسے بھی حکمران تھے

جلتے ارمان — عمر خان جوزوی
Jozvi03005237845@gmail.com

بجلی کا بھاری بل غصے سے ٹیبل پر مارتے ہوئے وہ صاحب گویا ہوئے اس ملک کے غریب عوام کو عمران خان جیسے کسی ایماندار حکمران کی ہی ضرورت ہے۔ یہ چور، ڈاکو اور بے ایمان اگر اسی طرح ملک و قوم پر مسلط رہے تو لوگ مہنگائی اور ایسے بھاری بلز جمع کرتے کرتے بھوک سے مر جائیں گے۔ قریب بیٹھے قاری نواز چور اور ڈاکو والے الفاظ سن کر آگ بگولہ ہوئے۔ آپ کے وہ ایماندار تو جمعہ جمعہ آٹھ دن پہلے ساڑھے تین چار سال قوم پر مسلط رہے ان چار سالوں میں اس نے کیا کیا۔ اس بات سے جیسے کسی نے اس میں ہوا بھر دی ہو وہ ایک غبارے کی طرح اپنے کپتان کے حق میں پھٹنے لگے۔ کپتان نے اس ملک اور قوم کے لئے کیا نہیں کیا۔؟ اس کے دور میں کیا کسی کے اتنے بل آئے۔ یہ چور اور ڈاکو تو اپنے بل بھی عوام سے جمع کروا رہے ہیں۔ وہ صاحب اور قاری پھر کئی گھنٹے تک اپنے اپنے لیڈروں اور بادشاہوں کو فرشتے ثابت کرنے میں لگے رہے معلوم نہیں کہ ان دونوں کے اس بحث و مباحثے کا کیا نتیجہ نکلا ہوگا لیکن ان کی باتیں سن کر ہم ضرور اس نتیجے پر پہنچے کہ جہاں عمران خان کے ساڑھے تین چار سالہ دور کو تاریخی دور کے طور پر یاد کیا جا رہا ہو وہاں اجڑے چمن کا پھر ایسا ہی منظر ہوگا۔ پوری دنیا کو پتہ ہے کہ پاکستان اور یہاں کے عوام کی تباہی اور بربادی کے دن تب ہی شروع ہوئے جب یہاں نواز شریف جیسے عوامی وزیراعظم کو اقتدار سے بیدخل کر کے راتوں رات سونامی کا چاند چڑھایا گیا۔ نواز شریف فرشتہ نہیں تھے، غلطیاں اور کوتاہیاں ان سے بھی ہوئیں لیکن اقتدار کے نشے میں جو موج مستیاں کپتان نے کیں ان کی سزا آج تک عوام بھگت رہے ہیں اور نہ جانے کب تک بھگتتے رہیں گے۔ ترقی کی راہ پر چلتے ایک اچھے بھلے ملک کو ایک کرسی کی خاطر پٹڑی سے اتارنے کی کیا ضرورت تھی۔؟ نواز شریف کو اگر وہ پانچ سالہ پورا کرنے دیا جاتا تو آج شاید نہیں یقیناً نہ ملک میں بجلی کی یہ لوڈشیڈنگ ہوتی اور نہ غریب عوام کو بجلی کے یہ بھاری بل تھمائے جاتے۔ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ یہاں ہر شخص اور فرد کو اپنا حکمران اور لیڈر فرشتے کے سوا کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ لیڈر اور حکمران چاہے کچھ نہیں سب کچھ ہی غلط کیوں نہ کر دیں یہ لوگ پھر بھی اس غلط کو صحیح ثابت کرنے کے لئے سو قسم کے دلائل اور بہانے ڈھونڈتے پھرتے ہیں۔ کوئی عمرانی دور کو تاریخی دور کے طور پر یاد کرنے پر تلا ہوا ہے تو کوئی پی ڈی ایم دور کو اچھے دور کا اعزاز دینے پر بضد ہے۔ ہر شخص اور فرد کے ہاں روئے زمین پر اس کے لیڈر اور حکمران سے بہتر لیڈر اور حکمران کوئی نہیں۔ جب کارکن، عقیدت مند اور پیروکار کام، اعمال اور کردار کے بجائے لیڈروں اور حکمرانوں کے چال ڈھال، قد کاٹ اور صورت کو ترجیح دینے لگیں پھر ایسے ہی حکمرانوں اور لیڈروں سے واسطہ پڑتا ہے جیسے لیڈروں، حکمرانوں اور سیاستدانوں سے ہمارا واسطہ پڑ رہا ہے، اسی لئے تو کہتے ہیں کہ جیسے عوام ویسے حکمران۔ اس زمین پر ایسے ایسے حکمران گزرے ہیں کہ جن کا نام سن کر آج بھی زمین رشک کرتی ہے۔ پی ٹی آئی، ن لیگ، پیپلز پارٹی، جے یو آئی اور ان دیگر سیاسی جماعتوں اور پارٹی کے کارکنوں اور لیڈروں کے عقیدت مندوں کو کیا پتہ۔۔۔؟ کہ حکمران اور بادشاہ کیسے ہوتے ہیں۔ خلفائے راشدین کا تو پھر دنیا نے کوئی ثانی دیکھا ہی نہیں لیکن آج کی دنیا تو تابعین کے بعد آنے والے مسلم حکمرانوں اور بادشاہوں کی نظیر پیش کرنے سے بھی قاصر ہے۔ اہل کفر آج بھی ان مسلم حکمرانوں کی جرات، بہادری اور شجاعت سے لرزاں ہے۔ عمران خان، شہباز شریف، آصف زرداری اور مولانا فضل الرحمن کے نام پر اچھلنے کودنے والے آج کے سیاسی کارکن مسلم حکمرانوں اور بادشاہوں کی تاریخ پڑھیں تو ان کو معلوم ہو کہ حکمران اور بادشاہ کیسے ہوتے ہیں۔ شمس الدین التمش بھی مسلمانوں کے ایک بادشاہ گزرے ہیں۔ آج کے نوجوانوں کو پتہ ہی نہیں ہوگا کہ شمس الدین التمش کون تھے۔ تاریخ کی کتابوں میں شمس الدین التمش کے بارے میں کہیں ایک واقعہ پڑھا تھا۔ آپ بھی پڑھیں۔ لکھنے والے لکھتے ہیں کہ جب حضرت قطب الدین بختیار کاکی کی وفات ہوئی تو ہر طرف کہرام مچ گیا کہ اللہ کا ایک بہت بڑا ولی دنیا سے رخصت ہوا۔ بختیار کاکی کی جدائی پر ہر سو غم والم کا سماں تھا۔ حضرت کا جنازہ جب تیار ہوا تو ایک بڑے میدان میں جنازہ پڑھنے کے لئے لایا گیا۔ خلق بڑی تعداد میں جنازہ پڑھنے کے لئے نکل پڑی تھی۔ انسانوں کا ایک سمندر تھا جو حد نگاہ تک نظر آتا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ایک بپھرے ہوئے دریا کی مانند یہ مجمع ہے۔ جب جنازہ پڑھانے کا وقت آیا تو ایک آدمی آگے بڑھا۔ با آواز بلند کہنے لگا کہ میں وصی ہوں۔ مجھے حضرت نے ایک وصیت کی تھی میں اس مجمع تک وہ وصیت پہنچانا چاہتا ہوں، مجمع خاموش ہوگیا۔ وصیت کیا تھی۔؟ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے یہ وصیت کی تھی کہ میرا جنازہ وہ شخص پڑھائے جس کے اندر چار خوبیاں ہوں۔ پہلی خوبی یہ کہ زندگی میں اس کی تکبیر اولیٰ بھی قضا نہ ہوئی ہو۔ دوسری شرط اس کی تہجد کی نماز کبھی قضا نہ ہوئی ہو۔ تیسری بات یہ ہے کہ اس نے غیر محرم پر کبھی بھی بری نظر نہ ڈالی ہو۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ اتنا عبادت گزار ہو حتیٰ کہ اس نے عصر کی سنتیں بھی کبھی نہ چھوڑی ہوں۔ جس شخص میں یہ چار خوبیاں ہوں وہ میرا جنازہ پڑھائے، جب یہ بات کی گئی تو مجمع کو سانپ سونگھ گیا۔ سناٹا چھا گیا، لوگوں کے سر جھک گئے۔ کون ہے جو قدم آگے بڑھائے۔ کافی دیر ہوگئی، لاکھوں عوام کے سمندر اور سناٹے میں ایک شخص روتا ہوا آگے بڑھا۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی کے جنازے کے قریب آیا۔ جنازے سے چادر ہٹائی اور کہا قطب الدین آپ خود تو فوت ہوگئے مجھے رسوا کر دیا۔ میرا راز دنیا کے سامنے کھول دیا۔ اس کے بعد بھرے مجمع کے سامنے اللہ کو حاضر ناظر جان کر قسم اٹھائی کہ میرے اندر یہ چاروں خوبیاں موجود ہیں۔ پتہ ہے وہ شخص کون تھا۔؟ وہ کسی مدرسے کا مہتمم، کسی خانقاہ کا پیر اور کسی درگاہ کا گدی نشین نہیں بلکہ وقت کا بادشاہ "شمس الدین التمش" تھا۔ اب خود سوچیں جس بادشاہ کے اندر یہ چار خوبیاں ہوں کیا وہ کرپٹ، بے ایمان، چور اور ڈاکو ہو سکے گا۔؟ نہیں ہرگز نہیں۔ اللہ سے ڈرنے والے نہ چور ہوتے ہیں اور نہ ڈاکو۔ آج نہ عوام کو خدا کا خوف ہے اور نہ ہی ہمارے حکمرانوں کو اللہ کا کوئی ڈر۔ اسی وجہ سے آج ہم سب مسائل اور مصائب سے گزر رہے ہیں۔ آج ہی اگر ہمارے حکمران اللہ سے ڈرنے والے بن جائیں تو پھر دیکھنا کہ ہمارے یہ ہزاروں مسائل دنوں نہیں گھنٹوں میں کیسے حل ہوتے ہیں۔ وہ بھی تو حکمران تھے جو تن تنہا آدھی سے بھی زیادہ دنیا پر کامیاب حکومت کیا کرتے تھے۔

شہداء کی قربانیوں جتنا خراج تحسین پیش کیا جائے اتنا کم ہے، علی امین

پولیس شہداء کی قربانیوں اور لواحقین کے صبر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ

پشاور (چنڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سردار علی امین خان گنڈاپور نے پولیس شہداء کی قربانیوں اور ان کے لواحقین کے صبر و استقامت کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر آج ہم اور ہمارے بچے اپنے گھروں میں محفوظ زندگی گزار رہے ہیں تو یہ ان شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے ہے جنہوں نے ہمارے لئے اپنی جانیں قربان کر دیں اور ان کی قربانیوں کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کریں وہ کم ہے۔ بحیثیت وزیراعلیٰ میں پولیس اور فوج کے شہداء سمیت ان تمام لوگوں کو بھی سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کی قربانیاں دیں۔ اتوار کے روز پشاور میں یوم شہدائے پولیس کی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس شہداء ہمارا فخر ہیں، ان کے بچوں کا خیال رکھنا ہمارا فرض ہے کیونکہ ان شہداء نے ہمارے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لئے اپنی جانیں قربان کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اس بات پر فخر ہے کہ وہ ایک ایسے صوبے کے وزیراعلیٰ ہیں جو فرنٹ لائن پر ملک کی جنگ لڑ رہا ہے اور اس صوبے کی پولیس نے اس جنگ میں قربانیوں کی وہ داستان رقم کی ہے جس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، الفاظ ختم ہو جائیں گے لیکن پولیس کی قربانیوں کی داستان ختم نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تبھی ایک عظیم قوم بنیں گے جب ہم اپنے ان شہداء کی قربانیوں اور ان کے لواحقین کے درد کو دل سے محسوس کریں گے، ہم نے اپنے شہیدوں اور غازیوں کو سب سے اونچا مقام دینا ہے جب ہم اپنے شہیدوں کو ان کا جائز مقام دیں گے تو ملک کے لئے قربانی دینے والے پیدا ہوتے رہیں گے۔ ہم نے اپنے جوانوں اور غازیوں کی ہمت کو بڑھانا ہے اور کسی بھی ذاتی یا انفرادی فعل کی وجہ سے فورسز کے جوانوں اور افسران کو تضحیک کا نشانہ نہیں بنانا چاہیے کیونکہ وہ اندرونی اور بیرونی خطرات کا مقابلہ کر رہے ہیں اور انہیں ہمارے تعاون اور سپورٹ کی ضرورت ہے، وہ سینہ تان کر دشمن کے سامنے ہمارے لئے کھڑے ہیں اور مجھے فخر ہے اپنی فورسز کے جوانوں پر جو بارڈر سے لیکر چوراہوں تک کھڑے ہو کر ہماری حفاظت کر رہے ہیں۔ صوبے میں امن و امان کے قیام کو اپنی حکومت کی پہلی ترجیح قرار دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ خزانے میں پیسے ہوں یا نہ ہوں پولیس کی تمام ضروریات کو پہلی ترجیح پر پورا کریں گے کیونکہ پولیس کو مستحکم کئے بغیر امن کا قیام ناممکن ہے اور جب تک امن نہیں ہوگا تب تک خوشحالی نہیں آئے گی۔ اس لئے صوبائی حکومت نے پولیس کی گاڑیاں، اسلحہ اور دیگر آلات کی خریداری کے لئے خطیر فنڈز دے دیئے ہیں اور مزید فنڈز بھی دیئے جائیں گے۔ پولیس شہداء کے بچوں کی فلاح و بہبود کو اپنی حکومت کی اہم ترجیحات میں سے ایک قرار دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ شہداء کے بچوں کی فلاح و بہبود پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ یہ ہم سب کے بچے ہیں اور ان کو تعلیم کے حصول یا کسی بھی حوالے سے کوئی مشکل کا سامنا نہ ہو۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بطور اے ایس آئی بھرتی کیلئے ضم اضلاع سمیت صوبے کے پولیس شہداء کے بچوں کے کوٹے کو 100 فیصد بڑھانے جبکہ ٹریفک چالان کی مد میں حاصل ہونے والی رقم کا 20 فیصد حصہ شہداء کے لواحقین کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ شہداء کے لواحقین وزیراعلیٰ ہاؤس سمیت جس کسی بھی سرکاری دفتر میں جائیں گے انہیں پہلی ترجیح دی جائے گی اور ان کا مسئلہ سب سے پہلے حل کیا جائے گا۔ سردار علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت نے پولیس اور فوج سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سرکاری محکموں کے دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے اہلکاروں کے ورثاء کو سرکاری ہاؤسنگ اسکیموں میں مفت پلاٹس دینے کا فیصلہ کیا کہ جس پر عملدرآمد جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ داخلہ میں ایک الگ سے سیل کے قیام پر کام کیا جا رہا ہے جو شہداء کے لواحقین کے مسائل کو حل کرنے پر کام کرے گا۔ دہشت گرد عناصر کو پیغام دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو فورسز اور لوگوں پر جہاد کے نام پر حملے کر رہے ہیں تو یہ جہاد نہیں بلکہ جہالت ہے اور جن لوگوں کو آپ نشانہ بنا رہے وہ آپ سے بڑے درجے کے لوگ ہیں لہٰذا اپنی اصلاح کریں اور اس جہالت کے اندھیروں سے خود کو نکالیں۔ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ ہم مقابلہ نہیں کر سکتے تو ان کی غلط فہمی ہے، ہمارے غازیوں اور شہیدوں کے لواحقین کا جذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف پرعزم ہیں اور ہم آخری دہشتگرد کے خاتمے تک لڑیں گے اور اپنے ملک میں امن قائم کر کے رہیں گے۔ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں اگر کسی کو جہاد کا شوق ہے تو وہ وہاں جائیں جہاں جہاد کی ضرورت ہے، اپنے مسلمان بھائیوں کو مارنا کسی صورت جہاد نہیں ہو سکتا۔

ضلع ٹانک میں بارشوں سے ہونیوالے نقصان پر وزیراعلیٰ کا اظہار افسوس

پشاور (چنڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سردار علی امین خان گنڈاپور نے ضلع کرک میں سیلابی ریلوں میں بہہ کر چار افراد جبکہ ضلع ٹانک میں بارشوں کی وجہ سے مکان کی چھت گرنے سے تین افراد کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے دیگر مختلف اضلاع میں بھی بارشوں کی وجہ سے مختلف حادثات کے نتیجے میں ہونے والی جانی و مالی نقصانات پر افسوس کرتے ہوئے ان حادثات میں مجموعی طور پر 11 افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ یہاں سے جاری اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے ان حادثات کے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو ان زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ نے متاثرہ خاندانوں کے لئے مالی امداد کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ریلیف کو متاثرین کی مالی امداد کے لئے بروقت کارروائی عمل میں لانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو بارشوں کے ان متاثرین کو فوری ریلیف کی فراہمی کے لئے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں صوبائی حکومت متاثرین کے ساتھ ہے، انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی ہر ممکن معاونت کی جائے گی اور ان کی بحالی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

حکومت شہداء کے خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے

پختون یار کا یوم شہداء پولیس کی مناسبت سے بنوں میں تقریب سے خطاب

پشاور (چنڈ آؤٹ) خیبرپختونخوا کے صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پختون یار خان نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا کی حکومت شہداء کے خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے، شہداء کے خاندانوں کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی، خیبرپختونخوا کی حکومت پولیس کو مزید بااختیار بنا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بنوں پولیس کی جانب سے یوم شہداء پولیس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم این اے مولانا نسیم علی شاہ، آر پی او عمران شاہد، ڈپٹی کمانڈنگ کرنل آصف، ڈی سی عبدالحمید، حاجی ملک محمد اللہ داؤد، ملک اقبال جدون، معصوم وزیر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر پختون یار خان نے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس ایک مثالی پولیس ہے جس کی بہادری پورا ملک تسلیم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم شہداء اور ان کے لواحقین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا ندیم اسلم چوہدری کا یوم استحصال 5 اگست 2024ء پر پیغام

پشاور (چنڈ آؤٹ) چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا ندیم اسلم چوہدری نے یوم استحصال پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہندوستان نے بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 5 اگست 2019ء کو ہندوستان کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں دوبارہ یکطرفہ کارروائی سے کشمیری عوام کی منفرد شناخت کو ختم کرنے کی کوشش کی تھی جو کہ اقوام متحدہ کے چارٹر سمیت جنیوا کنونشن اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ بھارت کی ان کارروائیوں کا مقصد کشمیری عوام کو حق خودارادیت کے حق سے محروم کرنا ہے، جس کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی کئی قراردادوں میں وعدہ کیا گیا تھا۔ اپنے پیغام میں چیف سیکرٹری نے کہا کہ آج کا دن عالمی برادری کو ہندوستان کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں سول آبادی کے حقوق اور آزادی کو سلب کرنے کے ظالمانہ جنگی جرائم پر ہندوستان کا احتساب کرنے کی یاددہانی کراتا ہے، ہم جموں و کشمیر کے تنازعہ کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرنے کے اپنے حقیقی مقصد پر آج بھی قائم ہیں۔

اقوام عالم کو ہندوستان کی بربریت کا نوٹس لینا ہوگا، سید فخر جہان

5 اگست 2019ء کو بھارت نے جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کے حقوق پر حملہ کیا

پشاور (چنڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے مشیر برائے کھیل اور امور نوجوانان سید فخر جہان نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر جاری کردہ اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر کے کشمیریوں کی شناخت، ثقافت اور بنیادی حقوق پر حملہ کیا ہے جو بین الاقوامی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دنیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے اور اقوام عالم کو ہندوستان کی اس ظلم و بربریت اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کا نوٹس لینا ہوگا۔ مشیر وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہندوستان جابرانہ تسلط کو برقرار نہیں رکھ سکتا۔ کشمیر پر ایک دن آزادی کا سورج طلوع ہوگا اور شہیدوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے آپ کو نام نہاد بڑا جمہوریہ کہنے والے ہندوستان میں جمہوری اقدار کی کوئی پاسداری نہیں ہے۔ استصواب رائے کشمیری بھائیوں کا دیرینہ اور قانونی حق ہے اور ہندوستان دیر تک اپنے اس ناجائز قبضے کو کشمیریوں کے اوپر برقرار نہیں رکھ سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں، بہنوں، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کی حریت کی خاطر قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور دنیا کے مختلف...

ہندوستان نے انسانی حقوق اور عالمی قوانین کی بدترین خلاف ورزی کی، عبدالکریم

یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کا پیغام

پشاور (چنڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سردار علی امین خان گنڈاپور نے مقبوضہ کشمیر کے عوام پر بھارت کے ظلم و ستم خصوصاً گزشتہ پانچ سالوں سے بھارتی حکومت کی طرف سے یکطرفہ طور پر کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام گزشتہ سات دہائیوں سے بھارت کی ریاستی دہشت گردی کا شکار ہیں۔ بھارت نے اس عرصہ کے دوران کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حق "حق خودارادیت" سے محروم رکھنے کیلئے ظلم و ستم کی انتہاء کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب فاشسٹ بھارت نے دیکھا کہ تمام تر ظالمانہ ہتھکنڈوں کے باوجود کشمیری عوام اپنے حق کیلئے ڈٹ کر کھڑے ہیں تو فاشسٹ بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو بھارت کے آئین میں شامل مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت (آرٹیکل 370) کا خاتمہ کر کے مظلوم کشمیری عوام پر ظلم و ستم کی ایک نئی داستان کا آغاز کیا جو انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے یہاں سے جاری خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں گزشتہ پانچ سالوں سے جاری بدترین ریاستی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی سطح سے جیتنے کا حق دلانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیری عوام کی خواہشات اور استصواب رائے سے مسئلہ کشمیر حل کیا جائے کیونکہ اس پورے خطے کا امن مسئلہ کشمیر کے حل سے وابستہ ہے۔ انہوں نے اس موقع پر بھارتی غاصبانہ قبضے کے خلاف برسرپیکار جرات مند کشمیری مسلمانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یقین دلایا کہ ہم ہمیشہ کی طرح کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر فورم پر ان کی جدوجہد آزادی کی حمایت جاری رکھیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سابق وزیراعظم عمران خان نے بین الاقوامی فورم پر جس انداز میں مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا، اس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ کشمیری شہداء کا خون ضرور رنگ لائے گا، ظلم کی طویل داستان اپنے انجام کو پہنچے گی اور کشمیری مسلمان حق خودارادیت حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

شوکت PET کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں، گل جان خان

ہری پور (چیف رپورٹر) شوکت PET کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہیں، موصوف جہاں بھی رہے اپنی محنت اور لگن سے طلباء کی تعلیم و تربیت کر کے موصوف...

خیبرپختونخواہ پولیس کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے

یوم شہداء پولیس کے موقع پر مشیر اطلاعات کے پی کے بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا پیغام

پشاور (چنڈ آؤٹ) صوبائی مشیر اطلاعات و تعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا پولیس کی تاریخ بہادر سپوتوں کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے، پولیس کے شیر جوان دلیری اور بہادری سے اپنے خون سے تاریخ میں اپنا نام درج کر رہے ہیں۔ یوم شہداء کے موقع پر اپنے دفتر سے جاری ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوم شہداء پولیس کے موقع پر جوانوں اور افسران کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ مشیر اطلاعات شہداء کے اہلخانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت پولیس شہداء کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس کا شمار بہترین فورسز میں ہوتا ہے، خیبرپختونخوا پولیس دہشتگردی کے خلاف جنگ میں انتہائی جانفشانی اور دلیری سے مقابلہ کر رہی ہے۔ مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس نے ہمیشہ امن اور عوام کی حفاظت کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے اور آج بھی دہشتگردی کی نئی لہر کے سامنے خیبرپختونخوا پولیس سیسہ پلائی دیوار ہے۔

ایم ڈی کیٹ کا امتحان 22 ستمبر 2024 کو ملک بھر میں منعقد ہوگا

طلباء 5 اگست سے پی ایم ڈی سی کے آفیشل ویب سائٹ پر اپنا اندراج شروع کریں

پشاور (چنڈ آؤٹ) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے اعلان کیا ہے کہ ایم ڈی کیٹ 2024 کا امتحان مورخہ 22 ستمبر 2024 اتوار کے دن اسلام آباد اور گلگت بلتستان سمیت پورے پاکستان میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ امتحان سرکاری اور نجی میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلے کے لیے ضروری ہے۔ طلباء، طالبات 5 اگست سے پی ایم ڈی سی کے آفیشل ویب سائٹ پر اپنا اندراج کریں۔ خیبرپختونخوا حکومت اور پی ایم اینڈ ڈی سی کی ہدایات کے مطابق، پیپر پر مبنی امتحان بیک وقت خیبرپختونخوا کے چھ اضلاع پشاور، مردان، کوہاٹ، ایبٹ آباد، سوات اور لوئیر دیر میں منعقد کیا جائے گا۔ ان ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے، خیبر میڈیکل یونیورسٹی میں اتوار کو ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت وائس چانسلر کے ایم یو میر یٹوریس پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق نے کی۔ اجلاس میں پی ایم ڈی سی اور صوبائی حکومت کی ہدایات پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی اور ایم ڈی کیٹ امتحانی عمل میں شفافیت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کے لیے مکمل منصوبہ بندی اور موثر عملدرآمد کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ میٹنگ کے دوران وائس چانسلر نے شرکاء کو ضروری انتظامات، لاجسٹکس اور ٹائم لائنز سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ایم ڈی کیٹ 2024 امتحان کے کامیاب اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ان سے تجاویز بھی طلب کیں۔ جادلہ خیال کرنے اور منصوبہ بندی اور

فضل حکیم خان یوسفزئی کی جانب سے بیگنورہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

پشاور (چنڈ آؤٹ) خیبرپختونخوا کے وزیر لائیو سٹاک، فشریز و کوآپریٹو فضل حکیم خان یوسفزئی نے اتوار کے روز اپنے حجرہ مکان باغ بیگنورہ میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں سے ملاقاتیں کیں اور اُن کے مسائل سنے، کھلی کچہری میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود نے انہیں اپنے علاقوں کے مسائل بیان کئے جن میں بعض مسائل کو موقع پر جبکہ باقی کو متعلقہ محکموں کے سربراہان کو حل کرنے کی ہدایات کیں، کھلی کچہری کے دوران صوبائی وزیر فضل حکیم خان یوسفزئی نے عوام سے گفتگو کرتے

کشمیریوں کی حق خودارادیت کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی

وزیر اوقاف و مذہبی امور عدنان قادری کا یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پیغام

شہداء پولیس کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، عدنان قادری

ماہرین کا انکشاف، پاکستان میں مہنگی بجلی کی بڑی وجہ سامنے آگئی

وزیر صحت سید قاسم علی شاہ کا یوم شہداء پولیس کے موقع پر پیغام

جعلی حکومت عوام کے جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہے، بیرسٹر ڈاکٹر سیف

اطلاع عام

تلاش گمشدہ

اطلاع عام

تلاش گمشدہ

اطلاع عام

اطلاع عام

اطلاع عام

E.mail:shamaleditor@gmail.com 03021291999

بقیہ 1 خراج تحسین
ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور عوام پولیس شہدا اور ان کے سوگوار خاندانوں کو تہہ دل سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔صوبائی وزیر صحت سید قاسم علی شاہ نے کہا کہ شہدائے وطن کی مٹی کی خاطر اپنے لہو کا نذرانہ پیش کیا،امن کی خاطر قربانی دینے والے پختونخوا کے ان سپوتوں کے نام تاریخ میں سنہرے الفاظ میں لکھے جائینگے۔

بقیہ 2 موقف
کیا کہ مانسہرہ کے عوامی سماجی اور مذہبی حلقوں سے ہمیں شکایات موصول ہوئی ہیں جن میں ان کا موقف ہے کہ مذکورہ پروگرام میں بااثر شخصیات کی سفارشات پر غیر مستحق لوگوں کو شامل کیا گیا تھا جبکہ اکثر مستحق لوگوں کو سراسر نظر انداز کیا گیا تھا ملک فاروق تنولی نے انچارج پروگرام کو سختی سے ہدایت کرتے ہوئے بتایا کہ اب جبکہ نئے سروے ہونے جا رہے ہیں ان میں ایسی ٹیمیں تشکیل دی جائیں جو ایمانداری سے کام کرتے ہوئے مستحق لوگوں کو پروگرام میں شامل کیا جائے اور اس میں بااثر شخصیات کی ایسی سفارشات کو ہرگز قبول نہ کیا جائے جس میں غیر مستحق لوگوں کو زبردست شامل کرنے کا کہا جائے۔ڈویژنل صدر پیپلز پارٹی ملک فاروق تنولی نے انچارج پروگرام کو اس بات سے بھی خبردار کیا کہ نئے سروے کے متعلق تشکیل دی جانے والی ٹیموں کا انتخاب بااثر شخصیات کے حجروں یا کوٹھیوں میں نہیں کیا جائے بلکہ اس کیلئے گورنمنٹ سکولوں بی ایچ یو یا آر ایچ سی ہسپتالوں یا سب سے بہتر ڈی سی دفاتروں میں سروے ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور تشکیل شدہ ٹیموں کو یہ ہدایت دی جائے کہ مذکورہ پروگرام میں شامل غیر مستحق لوگوں کی نشاندہی کی جائے اور مرتکب پائے جانے والے افراد کو نہ صرف نکالا جائے گا بلکہ ان سے باقاعدہ ریکوری کی جائے گی۔

بقیہ 3 شکایات
فاروق تنولی نے کہا کہ پسند ناپسند کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا کیونکہ ہر خاص و عام میں یہ بے قاعدگیوں کی شکایات عام ہیں کہ اکثر جگہوں محلوں ویلج کونسلوں،یونین کونسلوں،گاؤں میں اصل حقدار لوگ اور خواتین سروے میں شامل نہیں اور کھاتے پیتے گھرانے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہو رہے ہیں حالانکہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا مقصد ہی متوسط اور محروم طبقوں کی بحالی اور امداد کو یقینی بنانا ہے اگر ایسا نہیں تو پھر اس پروگرام کو جاری وساری رہنے کا کوئی فائدہ نہیں انہوں نے دفتری عوامی سروے کے ذمہ دار عملہ اور افسران کو وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ اب کسی بھی حقدار اور کمزور طبقہ کی شکایت سامنے نہیں آنی چاہئے اور کسی بھی صورت عوامی وسرکاری جگہوں کے بجائے حجروں کا عوامی سروے برداشت نہیں کیا جائے گا

بقیہ 4 فتنہ
کی کوشش کی ہے قادیانی نہ تو کوئی مذہب ہے نہ فرقہ بلکہ ایک فتنہ ہے اور اسی طرح قرآن کریم کی تفسیر لکھنا تو دور کی بات ہے قادیانی قرآن کریم کو ہاتھ تک نہیں لگا سکتے ہیں ختم نبوت سے غداری کرنے والوں کا ماضی کی طرح برا انجام ہوگا قادیانی سہولت کاروں کو جو کہ مسلمان کہلاتے ہیں اپنی آخرت کی فکر کریں

بقیہ 5 شرپسند
ممکن تعاون کے لیے تیار ہیں۔ہم اداروں کو بھی باور کروانا چاہتے ہیں کہ شرپسند عناصر سے بٹگرام کی محب وطن عوام کا کوئی تعلق نہیں ہے۔یہ شرپسند عناصر ہمارے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ ہمارے ادارے ان کے خلاف سخت کارروائی کریں گے۔بٹگرام کی پرامن فضا کو برقرار رکھنے کے لیے ہم ہر ممکن کوشش کریں گے اور اپنی ریاست اور قومی اداروں کی حمایت میں ہمیشہ کھڑے رہیں گے۔بٹگرام کی سرزمین پر شرپسند عناصر کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے،اور ہم اپنی امن اور محبت کی فضا کو ہر حال میں برقرار رکھیں گے۔

بقیہ 6 شرعی
نے بہت خطاب کیا جس میں انہوں نے نکاح کے شرعی تصور اور برابری کی مذہبی فقہی ضرورت اور شرائط انعقاد نکاح پر تفصیلی گفتگو کی۔اس موقع پر علامہ سید نذیر حسین شاہ نے بھی نکاح کی اہمیت بیان کی۔پیر سید سید شجاعت حسین شاہ سجادہ نشین دربار عالیہ میرا امجد علی،مفتی وسیم الحسن،علامہ سید عبدالوحید،سید ظہیر الاسلام نے مسئلہ کفائت برابری پر خطاب کیے۔اس موقع پر سید وجاہت حسین شاہ،سید مہر علی شاہ نے بحضور سرور کونین ہدیہ عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 7 نظم
حسین مجاہد نے سلیمی پر لکھی ہوئی اپنی نظم سنائی۔آخر میں بزم کے صدر واحد سراج نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اختر رضا سلیمی کو مبارک باد پیش کیا۔

بقیہ 8 شرکاء
اضافہ خواتین اور تاجر بھی حصہ بنتے جا رہے ہیں باخبر ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی کے تحت احتجاجی دھرنا نویں دن بھی جاری رہا روز بروز شرکاء کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے بجلی کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتیں بلز میں اضافی ٹیکس آئی پی پیز کے معاہدوں اور حکومتی اخراجات کم کرنے سمیت دس مطالبات پر عمل کیلئے جماعت اسلامی کے تحت راولپنڈی کے لیاقت باغ چوک پر جاری دھرنا نویں روز میں داخل ہوگیا اس دوران ملک بھر سے آنے والے قافلوں کی وجہ سے دھرنے کے شرکاء کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے دھرنے میں شریک کارکنوں کا جوش وولولہ قائم ہے جبکہ خواتین اور تاجر بھی وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دھرنے کا باقاعدہ حصہ بنتے جا رہے ہیں

بقیہ 9 جامعات
پارٹی آمنے سامنے اب قانونی جنگ لڑی جائے گی،باخبر ذرائع کے مطابق خیبر پختونخواہ میں جامعات کی غیر استعمال اراضی کے ممکنہ فروخت کا معاملہ پشاور ہائیکورٹ میں جامعات کی اراضی کو فروخت کرنے کے فیصلے کے خلاف رٹ دائر کردی گئی درخواست میں چیف سیکرٹری سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو فریق بنایا گیا ہے صوبائی حکومت اور پیپلز پارٹی آمنے سامنے اب قانون کی جنگ لڑی جائے گی گورنر نے جامعات کی اراضی فروخت سے روکنے کا اعلان کردیا خیبر پختونخواہ میں جامعات کی غیر استعمال اراضی کے ممکنہ فروخت پر رٹ دائر کردی گئی ہے رٹ پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر محمد علی شاہ نے گوہر رحمان خٹک ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست میں چیف سیکرٹری،سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو فریق بنایا گیا ہے اعلیٰ تعلیم سینئر اور سیکرٹری خزانہ متعدد جامعات کے وائس چانسلرز کو بھی فریق بنایا گیا ہے رٹ میں موقف اختیار کیا گیا ہے حکومت کے پاس جامعات کی اراضی فروخت کرنے کا اختیار نہیں

بقیہ 10 جرمانے
کے خلاف کاروائیاں دوران کاروائی سیاہ شیشے،بغیر نمبر پلیٹس،زائد کرایہ وصولی اور بغیر لائسنس گاڑی ڈرائیوروں کے خلاف جرمانے و متعدد گاڑیاں بند،تفصیلات کے مطابق گزشتہ اتوار کے روز مانسہرہ ٹریفک پولیس اہلکاروں نے عوامی شکایات کے پیش نظر اور ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈہ پور کی خصوصی ہدایت پر ٹریفک انسپکٹر واجد خان سواتی زیر نگرانی میں شہر بازار وارد گرد کے متعدد روڈوں پر قانون کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیوروں کے خلاف آپریشن کیا گیا جس کے دوران ٹریفک پولیس اہلکاروں نے سیاہ شیشوں والی مختلف گاڑیوں بغیر لائسنس،بغیر نمبر پلیٹس،پریشر ہارن،دوران سفر مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے پر نہ صرف بھاری جرمانے کیے جبکہ اس دوران بعض گاڑیوں کو بند بھی کر دیا گیا

بقیہ 11 نقصان
کیلئے بے نقاب نہ ہو سکے قومی خزانے کو نقصان دینے والوں کو احتساب کون کرے گا،ہری پور کی طرح ہر ضلع خصوصاً پہاڑی اضلاع ہری پور،غازی،حویلیاں،ایبٹ آباد،مانسہرہ میں بلین ٹریز کے نام پر لگائے جانے والے پودے کہاں ہیں کتنے لگے کس نے لگائے ان کو کس قیمت پر خریدا گیا اور سرکاری قائم میں کیا ریٹ لگایا گیا اس کا کسی کو پتہ نہیں سابقہ پی ٹی آئی دور کے پی کے میں بلین ٹریز کی طرح اور کتنے ایسے پراجیکٹ چلے کہ جن میں ایک چیز کی قیمت قدر نہیں اور یہاں سے کرپشن کا راستہ کھلتا ہے کتنی نرسیاں قائم کی گئیں ان کو کتنا مال دیا گیا کتنے پیسے دیے گئے اور نرسیوں سے کتنا مال اٹھایا گیا اور وہ کہاں لگایا گیا ایک ارب پودوں میں کرپشن بھی اربوں میں کی گئی یہ پیسہ کسی شخص کے جیب سے نہیں صوبائی خزانے سے نکلا اور پھر ہر ضلع کے ایم پی اے کے جیبوں میں گیا کیونکہ اس پراجیکٹ میں تیار اور فروخت اور لگائے گئے پودوں کا حساب نہیں ہو سکتا تو پھر کون یہ معلوم کرسکتا ہے ضرورت امر کی ہے کہ اتنی بڑی میگا کرپشن کو کون بے نقاب کرے گا

بقیہ 12 تباہی
بحال کر دیا گیا،چھ روز قبل سیلابی ریلے نے تباہی مچاتے ہوئے وادی کاغان کے مقام مہانڈری کے رابطہ پل کو متاثر کرتے ہوئے نصف درجن سے زائد دوکانوں کو بھی بہالے گیا تھا،شاہراہ کاغان پر نصب پل سیلاب بہ دھونے کے سبب چھ روز سے ذرائع آمد ورفت مکمل طور پر منقطع اور بالائی علاقوں میں ہزاروں سیاح محصور ہوکر رہ گئے تھے۔گزشتہ روز سکی کناری ڈیم کی تعمیر پر مامور چائنیز کمپنی سی سی جی نے اپنے طور پر سیمنٹ کے پائپ نصب کر کے پیدل راستہ بحال کر دیا ہے جبکہ این ایچ اے حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ جلد ہی لوہے کا پل نصب کر کے چودہ اگست سے قبل شاہراہ کاغان کو عام ٹریفک کیلئے بحال کردیں گے۔

بقیہ 13 مہانڈری
کر دیا گیا وادی کاغان کا مہانڈری کے مقام سے زمینی رابطہ 6روز بعد بحال ہوگیا متورنالہ پر عارضی راستہ کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد پھنسے ہوئے سینکڑوں افراد عارضی راستے سے دوسری سائیڈ چلے گئے تمام سیاحوں اور مقامی افراد کے انخلا تاہم سیاحوں کی آمد ورفت پر پابندی نئے مرکزی پل کی تعمیر تک برقرار رہے گی 6دن گزرنے کے بعد ناران کاغان یونین کونسل مہانڈری کے مقام پر عارضی پل تیار کر دیا گیا مسلسل چھ دن سے متاثر پھنسی ہوئی عوام کی عارضی پل سے آمد ورفت جاری مہانڈری میں چھپے روز متورنالے میں پائپ رکھ کر عارضی متبادل راستہ بحال کر دیا گیا

بقیہ 14 راہ گیر
کے قریب نالہ میں پانی کا تیز بہاؤ آنے سے راہگیر خاتون اپنے معصوم بچے سمیت نالہ میں بہہ گئی تاہم مقامی افراد نے جان پر کھیل کر خاتون کو بچالیا جبکہ بچہ جاں بحق ہوگیا،افسوسناک واقعہ کے بعد اہل علاقہ میں سخت غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔متعدد بار منتخب نمائندگان سے پل تعمیر کا مطالبہ کیا گیا مگر عرصہ گزر گیا کسی نے توجہ نہ دی،تاہم خاتون کا تعلق حویلیاں سے بتایا جارہا جو اپنے رشتہ داروں کے ہاں جارہی تھی

بقیہ 15 ختم نبوت
کفایت اللہ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کو ختم نبوت کے حوالہ سے قادیانی مبارک ثانی کی جانب سے دائر درخواست پر پہلے سپریم کورٹ نے غیر آئینی فیصلہ دیا ہے اس سے ہر مسلمان اور پاکستانی شہری جوتے کی نوک پر رکھتا ہے سپریم کورٹ کے جج صاحبان کی عزت واحترام اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب وہ ہمارے ایمان کے حصہ ختم نبوت کا احترام کریں گے تاریخ گواہ ہے کہ قادیانیوں کی پس پردہ جس ادارہ حکومت یا سیاسی پارٹی نے بھی خفیہ یا ظاہری طور پر سہولت کاری کی کوشش کی ہے وہ اس دنیا میں ذلیل وخوار ہوئے ہیں اور آخرت میں بھی جہنم ان کا ٹھکانا ہوگا ختم نبوت ہم سب کے ایمان کا حصہ اور سب سے پہلے حرمت رسولؐ ہے،قادیانی نہ تو کوئی مذہب یا فرقہ ہے بلکہ ایک فتنہ ہے اسی طرح آئین پاکستان میں قادیانیوں پر جو پابندیاں عائد ہیں سپریم کورٹ کے جج صاحبان نے کیسے ان سے انحراف کیا موجودہ حالات میں سپریم کورٹ کے پے درپے غیر آئینی فیصلے ملک کو کس طرف لے جانا چاہتے ہیں حکومت وقت نے جیسے سپریم کورٹ مخصوص نشستوں کے فیصلہ کو مسترد کیا ہے سرکاری سطح پر مبارک ثانی کے حق میں دیے گئے فیصلہ کو بھی مسترد کرکے ختم نبوت پر ہر مخلص مرمٹنے کو تیار ہے

بقیہ 16 شریعت
اور زندیق ہیں چودہ سو سال سے جھوٹے نبی اوران کے حامیوں کو بانی تحفظ ناموس رسالت سیدنا امام ابوبکر صدیق کے منشور کے مطابق غیر مسلم اقلیت کا حق نہیں دیا اسلامی ریاست میں کافر اور مرتد میں شریعت فرق رکھتی ہے اور ویلج کونسل سے لے کر قومی اسمبلی تک اور تھانے سے لے کر سپریم کورٹ تک قادیانی مرزائی دونوں گروپوں کے حق میں فیصلے ہوگئے اور قومی اسمبلی میں جتنے ممبران نے بھی ختم نبوت پر گفتگو کی ہے وہ اگر مخلص ہوتے تو قومی اسمبلی میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف قرارداد پیش کرکے منظور کرواتے قادیانی مرزائی دونوں گروپوں نے عدالتوں میں اپنے حق میں فیصلے کروا رہے ہیں اور مسلمان سڑکوں پر احتجاج کرتے رہیں گے اسلام اور قرآن شریف کا اختلاف قادیانی مرزائیوں کی اقلیت پر نہیں ہے اعتراض اس بات پر ہے قادیانی مرزائی اور لاہوری مرزائیوں نے اللہ کی ذات پر بھی اعتراض کیا اور تحریف بھی کی اور خلیفہ قسم کی گفتگو بھی کی اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف قومی اسمبلی،سینٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں کسی بھی ممبر نے سینٹر نے مذمتی قرارداد پیش نہیں کی سیاسی اور مذہبی سیاسی جماعتوں میں اسلام اور تحفظ کا درد رکھنے والا سیاسی اور مذہبی سیاسی جماعتوں میں اسلام اور تحفظ کا درد رکھنے والا نظر نہیں آتا کوئی اٹھانے والا نہیں ہے تمام سرکاری اور غیر سرکاری ادارے تحفظ ختم نبوت کا درد رکھنے والے میرے پاس آئیں میں انہیں ثبوت دیتا ہوں آپ خود فیصلہ کریں رسول عربی کی عزت کا دفاع کریں اور قادیانی مرزائیوں اور لاہوری قادیانی مرزائیوں کی وہ تحریریں جو شریعت میں قابل اعتراض ہیں وہ ختم کرنی چاہئیں یہ کیسے ہوسکتا ہے یہ لوگ ہمارے نبی کی توہین کرتے پھریں اور مسلمان مرکز شیطان قادیان والوں کی عزت کی دفاع کریں، ان خیالات کا اظہار الحاج مولانا پیر دوست محمد قادری چشتی نے مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ میں علماء کرام اور دیگر وفود سے کارنر میٹنگ میں کیا اور اس موقع پر عقیدہ تاجدار ختم نبوت کا لٹریچر بھی کثیر تعداد میں تقسیم کیا

بقیہ 17 کشمیر
روشنی میں محکمہ اعلیٰ تعلیم نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج کے کشمیری مسلمانوں کو پانچ سال سے بے گناہ یرغمال بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پانچ اگست کو تمام کالجز کھولنے کا اعلان کیا ہے،ذرائع۔

بقیہ 18 تشکیل
کے لیے تین رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔کمیٹی میں سابق گورنر شاہ فرمان،قاضی انور اور مشیر برائے اینٹی کرپشن مصدق عباسی کو شامل کیا گیا ہے،کمیٹی خیبر پختونخوا حکومت کے معاملات کا جائزہ لے گی اور بانی چیئرمین کو رپورٹ پیش کرے گی سابق گورنر شاہ فرمان نے بانی چیئرمین کی جانب سے کمیٹی بنائے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تین رکنی کمیٹی بانی چیئرمین کی ہدایت پر بنائی گئی ہے اور جو ہدایات بانی چیئرمین نے جاری کی ہیں اسی ہدایات پر کام کیا جائے گا۔واضح رہے کہ خیبر پختونخوا میں بدعنوانی کی شکایت کو لیکر صوبائی وزیر شکیل خان نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی تھی اور انہیں صوبے میں مختلف محکموں میں ہونے والے بدعنوانی کے حوالے سے آگاہ کیا تھا

بقیہ 19 ریٹ مقرر
صوبے بھر میں منافع بخش پوسٹوں پر بھرتیوں تبادلوں اور تعیناتیوں کے ریٹ مقرر ہونے کے سنگین الزامات کی بازگشت بانی پی ٹی آئی عمران خان تک جا پہنچی ہے اڈیالہ جیل راولپنڈی میں اسیر بانی پی ٹی آئی عمران خان نے تحقیقات کیلئے تین رکنی کمیٹی بنادی ہے یہ کمیٹی دس روز تک عمران خان کو صوبے میں حکومتی سطح کی کرپشن بارے سارے حقائق سامنے لائے گی ذرائع نے بتایا کہ اگست کا آخری ہفتہ صوبے میں بڑی اہم تبدیلیوں کا سبب بنے گا اس تبدیلی میں وزیر اعلیٰ سمیت کئی وزراء بھی تبدیل ہوسکتے ہیں

بقیہ 20 جلسہ
کہا کہ آج صوابی کا جلسہ ہر صورت میں کامیاب بنائیں گے کیونکہ اس جلسہ کی تیاریاں عمران خان کی خصوصی ہدایت پر کی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع مانسہرہ سے پارٹی عہدیداران و ہزاروں پارٹی کارکنان آج صوابی میں ہونے والے جلسہ میں شرکت کرکے اپنے پارٹی بانی عمران خان سے محبت کا ثبوت دے گے سلیم عمران کا کہنا تھا کہ ملک و معیشت کو بچانے کیلئے عمران خان کو لانا ضروری ہے،ان کا مزید کہنا تھا کہ عمران کا عوام کے دلوں پر راج کرتے ہیں کیونکہ عمران خان 25 کروڑ عوام دلوں کی آواز بن چکے ہیں

بقیہ 21 وحید انجم
لائسنس حاصل کرینگے وحید انجم خان نے اس موقع پر ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈا پور اور ٹریفک مانسہرہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے تعاون کرتے ہوئے لائسنس برانچ کا قیام عمل میں لایا۔

بقیہ 22 تعلیم
بڑے محسن ہیں کہ ہمارے بچوں اور عزیزوں نے مرحوم ہی کے جامعہ سے تعلیم حاصل کی ان کے احسانات کو کبھی نہیں بھول سکتے ان کی یادیں اور باتیں ہمارے دل ودماغ میں پتھر پر لکیر کی طرح نقش ہیں۔ہم جہاں مولانا مرحوم کے خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اور ان کی اولاد کے غم میں شریک غم ہیں وہاں ہم خود بھی تعزیت کے مستحق ہیں کہ ہمارے خاندان کے ایک عظیم محسن چلے گئے آج ہم بھی اس غم کو یتیم تصور کرتے ہیں مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے ان پر جب ان شاءاللہ قلم اٹھایا جائے گا تو بہت بڑا ذخیرہ قارئین کے سامنے آئے گا۔امت میں جو بڑے لوگ پیدا ہوتے ہیں وہ ضرور کسی قوم میں پیدا ہوتے ہیں مگر وہ پوری امت کا سرمایہ ہوتے ہیں۔علما کرام اور قراعظام اسلام کے ترجمان ہوتے ہیں اسی وجہ سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ عالم اسلام کا ایک عظیم ترجمان قاری عبدالمالک نقشبندی چلا گیا ان کے وصال سے حقیقت میں بڑا خلا پیدا ہوا ہے مگر وہ اتنا کام کر گئے ہیں کہ ان کے لیے صدقات جاریہ بہت سے موجود ہیں ایک صدقے جاریہ بھی بڑی چیز ہوتی ہے وہ صدقات کی دریا بہا کے چلے گئے ہیں۔سچ کہا کہنے والے نے کو ان کہتا ہے کہ موت آئی تو میں مرجاں گا میں تو ایک دریا ہوں سمندر میں اتر جاں گا ان خیالات کے اظہار ممتاز عالم دین مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی نے ایک وفد کے ہمراہ جامعہ اصحاب صفہ راولپنڈی میں مولانا قاری عبدالمالک کی دینی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کیا اس وفد میں اسلامک رائٹرز موومنٹ پاکستان کے مرکزی صدر مشہور ادیب اور کالم نگار مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی،مولانا رشید الحسن،مولانا محمد ہاشم غفران گڑنگی،حافظ قاسم عثمان اور محمد احتشام الحق شامل تھے۔انہوں نے کہا کہ مولانا قاری عبدالمالک نقشبندی کی یادگار زندگی اور دین اسلام کی خدمات،بے کس اور بے بس لوگوں کے بچوں کو تعلیم دینا اور وہ بھی قرآن پاک اور سنت رسول کی بہت بڑا صدقہ جاریہ ہے۔اسی وجہ سے آج دنیا کے کونے کونے میں ان کے شاگرد دین اسلام کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں مولانا مرحوم نے تبلیغ اسلام اور دین کی سربلندی کے لیے بڑا کام کیا ہے انہوں نے محنت،لگن اور جدوجہد سے کروڑوں مسلمانوں کے دلوں میں اسلام کی محبت بسائی ہے جس کی وجہ سے آج دنیا میں دین اسلام کی روشنی پھیل رہی ہے

بقیہ 23 یادگار
حویلیاں نے یادگار شہدا پر سلامی پیش کی پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور شہدا کے ایصال ثواب اور درجات بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی۔کمشنر ہزارہ سید ظہیر الاسلام اور ڈی آئی جی ہزارہ طاہر ایوب خان نے اس موقع پر خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخواہ پولیس کے سینکڑوں افسران و جوانوں نے دہشت گردی اور جرائم کے خاتمہ کیلئے اپنی قیمتی جانوں اور اپنی فیملی کی پرواہ کیے بغیر جرأت وبہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اور ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔صوبائی حکومت اور محکمہ پولیس نے اپنے شہدا کے خاندان کی کفالت کیلئے ہر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس عزم کو جاری رکھیں گے۔یوم شہدا کے موقع پر ہم دہشت گردوں اور ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں انکے خاتمہ تک خیبر پختونخواہ پولیس اپنی کوششوں کو جاری رکھے گی اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی

بقیہ 24 ڈیرے
سے کاروائیوں کے باوجود بھی مانسہرہ شہر سمیت گردونواح میں دوسرے شہروں سے آئے پیشہ ور بھکاریوں نے جگہ جگہ اپنے ڈیرے ڈال لیے ہیں شہریوں کا یہ بھی کہنا تھا کہ پہلے تو یہ پیشہ ور بھکاری بازاروں چوکوں اس میں بھیک مانگتے ہوئے نظر آتے تھے مگراب ان پیشہ ور بھکاریوں نے گلی محلوں کا رخ کرتے ہوئے ہاتھوں میں کشکول اٹھائے لوگوں کے گھروں کے دروازوں میں کھڑے مختلف قسم کے واسطے ڈال کر زور زبردستی بھیک مانگنے لگے ہیں،اس سلسلہ میں مانسہرہ کے شہری وعوامی سماجی حلقوں نے ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈا پور سے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کا فی الفور مطالبہ کیا ہے

بقیہ 25 مقررین
اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔مقررین نے کہا کہ پیپلز پارٹی تمام برادریوں کا گلدستہ ہے۔جو بھی پیپلز پارٹی کے جھنڈے تلے آیا ہمارا بھائی ہے۔عہدے اور ذمہ داریاں پارٹی نظم وضبط اور ترویج وترقی کے لیے تفویض کیے جاتے ہیں دیگر نہ کارکنان اور عہدیداران اور قیادت ایک جیسی عزت اور اختیارات کے حامل ہیں،تقریب سے ملک فاروق تنولی،سید سلیم شاہ،ناہید اعوان،بشیر احمد شاہ،افتخار تنولی،اعجاز احمد سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ تشکیل کابینہ اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقہ سے پورا کرے گی اور عوامی ترقی کے عمل میں عوام کو براہ راست شامل کرنے کے لیے ویلج کونسل تک تنظیم نو کریگے،مقررین نے کہا کہ علاقائی پسماندگی دور کرنے کا جو بیڑہ سید سلیم شاہ نے اٹھا رکھا ہے عوام اور عہدیداران اس میں ان کے معاون ہیں،ضلعی صدر سید سلیم شاہ نے تمام عہدیداران سے ان کے عہدوں کا بھی حلف لیا اور مبارک باد پیش کی۔

بقیہ 26 کلینک
قانونی کلینکس میں بیٹھے ناتجربہ کار اور دیگر لوگوں جنہوں نے گلی محلہ میں کلینک قائم کر رکھے ہیں لوگوں کی زندگیوں سے کھیل کر مال بنانے میں مصروف ہیں ہر آنے والے مریض سے علامات پوچھ کر خطرناک بیماری کا مریض بنادیا جاتا ہے اور ڈرپس کے ساتھ ساتھ ٹیبلٹس کا شاپر تھمادیا جاتا ہے اور بعض نے تو لیبارٹریاں بھی قائم کر رکھی ہیں اور غیر ضروری ٹیسٹ لکھ کر ان ٹرینڈ عملہ سے ٹیسٹ کروا کر وہاں سے بھی مال بنانے میں مصروف ہیں محکمہ صحت ہری پور اور ڈرگ انسپکٹر کی خاموشی معنی خیز ہے ضلع ہری پور کے عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں تعینات ڈاکٹروں پر پرائیویٹ کلینکس میں پریکٹس پر پابندی لگائی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ ہسپتالوں میں بھی علاج معالجہ کی فیس کی کوئی حد مقرر کی جائے اور غیر ضروری ٹیسٹ اور میڈیسن دینے والے ڈاکٹرز کے لیے بھی قانون سازی کی جائے تاکہ غریب لوگ باآسانی بیماری کا علاج کروا سکیں ضلع ہری پور کی عوام نے صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری ہیلتھ سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ہری پور میں قائم غیر قانونی کلینکس کے خلاف اور سرکاری ڈاکٹروں پر پرائیویٹ پریکٹس پر پابندی کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ کلینکس پر غریب عوام کو لوٹنے والوں کے لیے قانون سازی کی جائے

بقیہ 27 فروخت
پرروٹی کی قیمت اضافہ کر دیا 98 گرام کی روٹی 20روپے میں فروخت کرکے شہریوں کو لوٹا جانے لگا شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر ہری پور فوری طور پر نانبائیوں کی اس گراں فروشی کا نوٹس لے کر مہنگی اور کم وزن روٹی فروخت کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی کریں،یاد رہے کہ پنجاب میں اب بھی روٹی 15روپے کی فروخت ہو رہی ہے جبکہ خیبر پختونخواہ انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے ہری پور میں کم وزن روٹی مہنگے داموں بیچی جا رہی ہے۔

بقیہ 28 گشت
سے گلی محلوں میں پولیس رائیڈرز گشت کی تعیناتی کا عوامی مطالبہ زور پکڑ گیا تفصیلات کے مطابق اس سلسلہ میں محلہ چھپٹی سمیت اردگرد کے کئی گلیوں اور محلوں کے باسیوں نے میڈیا نمائندوں کو بتایا کہ کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال کے قریب و رہائشی آبادی میں بنے بغیر پارکنگ غیر ضروری نجی ہسپتالوں کے باعث نہ صرف مشکوک غیر متعلقہ قسم کے لوگ گرج کر رہے ہیں بلکہ انہیں نجی ہسپتالوں کے سامنے بعض مشکوک گاڑیاں بھی کھڑی رہتی ہے باسیوں کا کہنا ہے کہ شام ہوتے ہی غیر متعلقہ قسم کے افراد گھومنے لگتے ہیں جن کو آج تک کسی نے نہیں دیکھا ہے،یہی وجہ ہے کہ غیر متعلقہ اور مشکوک قسم کے افراد موجودگی کی وجہ سے علاقہ کے مکینوں میں سخت خوف وحراس پایا جارہا ہے،اس سلسلے میں محلہ چھپٹی اور اردگرد کی گلی محلوں کے مقامی لوگوں نے ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈا پور سے متعلقہ گلی محلوں میں پولیس رائیڈرز کے گشت کی تعیناتی کا پرزور مطالبہ کیا ہے

بقیہ 29 اجلاس
کیا صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 54-1 کے تحت سینٹ اجلاس طلب کیا ہے۔

بقیہ 30 انکشافات
کے مطابق آج کے ہونے والے اجلاس میں عہدیداران ٹی ایم اے ملازمین کو درپیش دوران آپریشن ڈیوٹی سیکورٹی عدم تحفظ،سیاسی مداخلت سمیت مختلف بااثر افراد کی جانب سے جانبداری کا مظاہرہ کرنے سمیت کے لئے مبینہ ہراساں کرنے جیسے غیر قانونی اقدامات اور ڈیلی ویجز ملازمین کی مبینہ سیاسی بنیادوں پر کی جانیوالی بھرتیوں سمیت جملہ درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے اجتماعی مشاورت اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا،اس حوالے سے مزید انکشافات متوقع ہیں

بقیہ 31 اوقات
سوزوکی گاڑیوں میں صبح اور چھٹی کے اوقات میں معصوم قیمتی جانوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونس کر ان کی قیمتی جانوں سے کھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں سکول وینوں میں ایک ایک سوزوکی میں تیس تیس بچوں کو بٹھا کر لانا اور واپس لے جانا کسی خطرے سے کم نہیں والدین کے ساتھ ساتھ ٹریفک اہلکاروں نے بھی ان خلاف ورزیوں پر اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں جو کسی بھی وقت ایک بڑے حادثے کا موجب بن سکتا ہے عوامی سماجی حلقوں نے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 32 تقریب
یوم شہدا کی تقریب کا آغاز جامع مسجد ایف سی لائن اوگی میں شہدا کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی سے کیا گیا،جس میں O،D،A،F،C اوگی نعمان ظفر،SM اوگی امیر عالم کے علاوہ کثیر تعداد میں فورس کے ملازمین نے شرکت کی۔

بقیہ 33 مشیر سیاحت
عظیم الشان جلسہ میں شریک ہوں گے جہاں عمران خان کی رہائی کروانے کیلئے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا مشیر سیاحت وثقافت زاہد چن زیب گزشتہ دو روز سے اپنے حلقہ نیابت میں موجود ہیں اور صوابی جلسہ میں بھرپور طریقے سے شرکت کرنے کے خوب محنت اور کوشش کررہے ہیں تاکہ وہ ایک بڑا قافلہ صوابی لے جاسکیں اس سلسلے میں زاہد چن زیب نے حلقے میں پروگراموں کا انعقاد کیا اور عوام و پارٹی ورکرز سے ملاقاتیں کیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ مانسہرہ میں صوابی جلسہ کے حوالے سے جوش وخروش پایا جاتا ہے اور لیڈران کی قیادت میں ورکرز جلسہ کی بھرپور تیاری کررہے ہیں پارٹی عہدیداران کے مطابق مشیر سیاحت زاہد چن زیب کی قیادت میں حلقے سے بڑا قافلہ پانوں انٹرچینج پر دوسرے قافلوں کے ساتھ شامل ہوگا جہاں سے سپیکر کے پی کے اسمبلی مشیر سیاحت زاہد چن زیب اور تحریک انصاف کے دیگر قائدین کی قیادت میں تاریخی قافلہ صوابی جلسہ میں شرکت کیلئے روانہ ہوگا

بقیہ 34 مالکان
پر ٹریفک سرکل شنکیاری انچارج ذوالفقار علی خان نے ہمراہ ٹریفک ٹیم منی اڈوں پر ٹوٹ پڑے جس سے منٹوں میں بھرمنی اڈہ مالکان دم بھاگنے پر مجبور ہوئے،ٹریفک پولیس نے درجنوں گاڑیوں کو اپنے قبضہ میں لے کر تھانہ شنکیاری بند کر دیں اور بھاری جرمانے عائد کئے جس کے بعد ٹریفک نظام معمول کے مطابق رواں دواں رہا اس موقع پر ذوالفقار علی خان نے میڈیا کے نمائندوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ شہریوں کو بروقت سفری کی سہولیات فراہم کی جائیں ایس پی ٹریفک اور انسپکٹر کی خصوصی ہدایت پر یہ کارروائی کی گئی اور ڈرائیوروں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا جس پر شہریوں نے ایس پی ٹریفک اور انچارج ذوالفقار علی خان کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور شاندار کارروائی پر خراج تحسین پیش کی

بقیہ 35 عالم زیب
ممبر پی او جی عالم زیب منان کالج کے مین گیٹ کی اونچائی کو 6انچ اوپر کیا جائے گا تاکہ مین روڈ سے پانی کالج میں داخل ہونے سے روکا جا سکے۔ممبر پی او جی ڈاکٹر عالم زیب منان دورے کے دوران ان کے ہمراہ ڈین ڈاکٹر ثاقب ملک اور دیگر عملہ موجود تھا۔ممبر پی او جی نے کالج میں جھاڑیوں کی کٹائی پر اطمینان کا اظہار کیا اور احکامات جاری کئے اسی طرح سے دیگر جھاڑیاں جو کہ جنگل کا منظر پیش کررہی ہیں ان کی کٹائی جلد مکمل کی جائے۔اس کے علاوہ سال انڈسٹری کے مین روڈ سے آنے والے پانی کو روکنے کے لئے اقدام کرتے ہوں گے تاکہ وہاں کا پانی کالج میں داخل نہ ہوسکے۔

بقیہ 36 اقدامات
ہے وہ ڈوبنا شروع ہوگئی ہے اس سے بھی بڑا خطرہ یہ ہے جب دریا پر پڑا بند ٹوٹے گا تو اس سے بالاکوٹ شہر اور گڑھی حبیب اللہ سمیت کئی علاقے ڈوب سکتے ہیں مرکزی وصوبائی حکومت نے ابھی تک جھیل کو کھولنے کے لئے کوئی بھی اقدامات نہیں کئے حکومت کی اس بے حسی کے خلاف لوگ سراپا احتجاج ہیں

بقیہ 37 مراعات
مسئلہ نہیں بلکہ یہ اس ملک کے 85 فیصد غریب عوام کا مسئلہ ہے ملک کے پندرہ فیصد عیاش طبقے نے سارے وسائل پر قبضہ جمایا ہوا ہے لیکن اب اس پندرہ فیصد مراعات یافتہ طبقے کی عیاشیاں ختم کرکے عوام کو ریلیف دینا ہوگا بابا وقار احمد نے کہا کہ راولپنڈی کا دھرنا کسی بھی وقت ڈی چوک اسلام آباد کا رخ کرے گا اور عوام ساتھ ہونگے۔

بقیہ 38 خراج تحسین
کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ضلع بھر مختلف تقریبات منعقد کی جارہی ہیں اس دن کی مناسبت سے مرکزی تقریب آج مورخہ 4اگست 2024 کو پولیس لائنز مانسہرہ میں منعقد کی گئی،نماز فجر کے بعد پولیس لائنز مانسہرہ میں یوم شہدا پولیس کے دن کا آغاز ختم القرآن سے کیا گیا اور پولیس لائنز مختلف تھانوں،چوکیوں اور پولیس دفاتر میں شہدائے پولیس کے ایصال ثواب اور بلندی درجات کیلئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا جبکہ یوم شہدائے پولیس کے موقع پر پولیس لائنز مانسہرہ میں بلڈ ڈونیشن کیمپ بھی لگایا گیا جس میں پولیس کے جوانوں نے شہدا پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کی غرض سے خون کے عطیات بھی دیئے۔علاوہ ازیں اس دن طلوع صبح کیساتھ ہی پولیس حکام نے پولیس لائنز میں یادگار شہدا اور مختلف مقامات پر واقع شہید پولیس افسران اور جوانوں کی قبروں پر بھی حاضری دی جہاں پولیس کے چاق وچوبند دستے کے ہمراہ شہدا کو اعزازی سلامی پیش کی گئی۔شہدا کی قبروں پر پھول اور چادریں چڑھائی گئی اور ان کے لواحقین میں تحائف بھی تقسیم کیے گئے ساتھ شہدا کی بلندی درجات کیلئے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعاؤں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ضلع مانسہرہ میں یوم شہدائے پولیس کی مناسبت سے پولیس تنصیبات اور دیگر پبلک مقامات پر شہدا کی تصاویر اور خراج عقیدت کی خصوصی تحاریر پر مبنی پوسٹرز،بینرز اور پورٹریٹ بھی آویزاں کیے گئے۔یوم شہدائے پولیس کے حوالے سے پولیس لائنز میں منعقد ہونے والی مرکزی تقریب میں ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈا پور نے بذات خود شرکت کی،شہدا کے لیے کی جانے والی قرآن خوانی میں شرکت کی اور شہدا کے ایصال ثواب اور بلند درجات کے لیے دعا مانگی،بعد از قرآن خوانی انہوں نے یادگار شہداء پر حاضری دی،یادگار شہدا پر پھول چڑھائے اور شہدا کی بلندی درجات کے لئے دعائیں مانگی۔انہوں نے خود کانسٹیبل غازی ساجد شہید کی قبر پر بھی حاضری دی۔شہید کانسٹیبل کی قبر پر پھولوں کا گلدستہ اور چادر چڑھانے کے ساتھ ساتھ شہید کے بچوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ ملاقات بھی کی اور تحفہ کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا اور انہیں ہر ممکن مدد وتعاون فراہم کرنے کا عزم بھی ظاہر کیا۔انہوں شہید کانسٹیبل کے بیٹے کو محکمہ پولیس میں شہدا کوٹے کے تحت PASI بھرتی کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈا پور کا کہنا تھا کہ یوم شہدا پولیس کے منانے کا مقصد اپنے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ان کو یاد کرنا ہے کیونکہ یہ ہماری فورس کا اہم حصہ رہے ہیں اور انہوں نے وطن عزیز کے دفاع کو مضبوط کرنے اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے قربانیاں دی ہیں شہدائے پولیس ہمارے اصل ہیروز ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت ضلع مانسہرہ میں امن قائم ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان میں خیبر پختونخواہ پولیس کی قربانیاں سب سے زیادہ ہیں جس کا ثبوت آئی جی رینک سے لے کر کانسٹیبل تک پولیس افسران کی شہادتیں ہیں۔جنہوں نے دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن پر جنگ لڑی اور سب سے زیادہ شہادتیں پیش کیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ شہدائے پولیس کے لواحقین خود کو کسی طور پر بھی تنہا نہ سمجھیں پوری پولیس فورس ان کے ساتھ ہر خوشی اور غم کے موقع پر کھڑی ہے کیونکہ انہوں نے اپنے لخت جگر وطن عزیز کیلئے قربان کیے ہیں جن کی قربانی کسی طور پر بھی رائیگاں نہیں جانے دی جائیگی اور نہ ہی ان کو بھلایا جائیگا کیونکہ جو قومیں اپنے شہیدوں کو بھول جاتی ہیں وہ دنیا کی تاریخ سے مٹ جاتی ہیں۔

بقیہ 39 تبدیل
مون سون کی شدید بارش بازار گلیاں ندی نالوں میں تبدیل دریائے سرن اور ندی نالوں میں طغیانی بارش کا پانی لوگوں کے گھروں اور دوکانوں میں داخل ہو گیا بجلی اور مواصلات کا نظام درہم برہم رہا شدید بارش کے باوجود گرمی اور حبس بارشوں کے باعث ٹماٹر کی فصل کو شدید نقصان ہوا ہے ٹماٹر کی فصل متاثر مون سون کے باعث مقامی سبزیاں غائب سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے

بقیہ 40 مطالبہ
عوامی مطالبات کے باوجود بھی متعلقہ محکمہ افسران کی جانب سے کاروائی نہ ہونا سمجھ سے بالاتر،لوٹ مار کے ساتھ ساتھ انسانی زندگیاں خطرے میں پڑنے لگیں،اعلیٰ حکام سے کاروائی کا عوامی مطالبہ تفصیلات کے مطابق باوثوق ذرائع نے میڈیا نمائندوں کو بتایا کہ مانسہرہ سمیت اردگرد کے بعض میڈیکل سٹورز پر نہ صرف نشہ آور میڈیسن وانجکشن فروخت ہو رہے ہیں بلکہ مہنگی ادویات بھی فروخت کی جاری ہیں،جس کی وجہ سے غریب عوام کو لوٹنے کے ساتھ ساتھ ان کی زندگیوں کو بھی خطرے میں ڈالا جارہا ہے،جبکہ عوامی مطالبات کے باوجود بھی تاحال متعلقہ محکمہ افسران نے بھی اپنی آنکھیں بند کی ہوئی ہیں،جس پر مانسہرہ کے عوامی سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے شنوائی کا پرزور مطالبہ کیا ہے

بقیہ 41 رجسٹریشن
کے کمال سے ہزاروں کے حساب سے رجسٹریشن کی گئی جواب متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو جاگ آئی اور ہری پور کے سنجیدہ حلقوں نے کہا کہ جو عملہ بے حساب رجسٹریشن کروانے کے عمل میں شامل تھا سب سے پہلے ان سے سدباب کیا جائے اور اس کے بعد رکشوں کے جو کریوں کی مدمقرر کی گئی رکشہ ڈرائیوروں سے اس پر فی الفور عمل درآمد کروایا جائے ٹریفک پولیس ہری پور بھی اپنا کردار ادا کرے تاکہ غریب عوام کے مسائل میں کمی واقع ہوسکے

بقیہ 42 سیاح
گھڑی میں علاقے میں پھنسے سیاحوں کیلئے ناراں کے عوام ہوٹلز اور ریسٹورنٹ مالکان نے جس ایثار محبت کا تاریخی کردار ادا کیا وہ اپنی مثال آپ ہے الحاج صالح محمد خان نے صرف شہرت کیلئے سیاست کرنے والوں کو مانسہرہ کے عوام پہچان چکے ہیں انہوں نے کہا کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں اپنے علاقے اور عوام کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

بقیہ 43 قیام
علاقہ ہے لیکن عوام شدید عدم تحفظ کا شکار ہے سڑک سے جرائم پیشہ لوگ بکریاں اٹھا کر لے جاتے ہیں،پولیس کے گشت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے سریکوٹ میں تھانہ یا کم از کم پولیس چوکی کا قیام بہت ضروری ہے کئی سال پہلے گدوالیاں میں پولیس چوکی کی موجودگی تھی جو ناگزیر وجوہات کی بنیاد پر ختم کردی گئی

بقیہ 44 مراعات
اور مفت مراعات چھین رہے ہیں تو دوسری طرف غریب اور سفید پوش طبقہ حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں پر لگائے گئے درجنوں قسم کے ظالمانہ ٹیکسز دینے کے باوجود بھی اپنے بچوں کی بھوک،بیروزگاری اور محرومیوں کو دیکھ کر اس ملک سے عاجز آچکا ہے۔

بقیہ 45 موقف
سلیم عمران سواتی نے ان کا موقف سنا اور جلسہ شرکت کیلئے روانہ ہونے والے گاڑیوں کے قافلہ میں دوران سفر پارٹی عہدیداران و پارٹی کارکنان کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے اور جلسہ کو کامیاب بنانے کے حوالے سے یقین دہانی کرائی یاد رہے آج پارٹی قائد عمران خان کی خصوصی ہدایت پر صوابی میں ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا جارہا ہے جس کی لیے تمام تیاریاں مکمل کردی گئی ہیں ایک ہیے مختلف مقامات سے آنے والے گاڑیوں کے قافلے فارم ہاؤس سلیم سواتی ساڈے سرسے ہزارہ موٹروے کی جانب نکلے گئے جہاں پر تمام قافلے دن دو بجے صوابی جلسہ میں شرکت کیلئے روانہ ہوں گے

بقیہ 46 خون
بلڈ بنک کا بندوبست نہیں اور تھیلیسیمیا کے بچے ہسپتال جا کر پورا پورا دن بیٹھے رہتے ہیں اول تو خون ملتا نہیں اور اگر کوئی مل بھی جائے تو پرانا اور وہ بھی غیر لیبارٹری کا خون DHQ والے خون کے بدلے میں خون مانگتے ہیں،اب تھیلیسیمیا والا بچہ کہاں سے خون دے اور اس کے والدین ہر ہفتہ کہاں سے اپنا اپنا خون لائیں،اس وقت خون کا عام مریض اور تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کے لیے خون کہیں بھی دستیاب نہیں ہیں تو انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ ڈھیڈہ اور ٹراما سنٹر میں بلڈ بینک کا خصوصی اہتمام کریں تاکہ زندگی کی امید لیکر جانے والے ان بچوں کو خوشی کی کم از کم چند گھڑیاں تو میسر آسکے

بقیہ 47 خیر مقدم
سے آج پانچ اگست کو یوم استحکام کشمیر منانے کے اعلان کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں خان عبدالناصر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لئے بھٹو شہید اور بی بی شہید سے لے کر چیئرمین اول بھٹو تک فرنٹ پر کردار ادا کر رہی ہے وہ وقت دور نہیں جب کشمیری بھارت کے تسلط سے آزاد ہو جائیں گے

بقیہ 48 جے آئی
کارنگ شدہ دیا جائے جماعت اسلامی سیاست کو عبادت سمجھ کر کرتی ہے کسی کو اچھا لگے یا برا یہی سیاست جاری رہے گی حق دو تحریک بتدریج پورے ملک میں پھیلائیں گے مطالبات سیدھے سادھے ہیں حکومت کے پاس فرار کا کوئی راستہ نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے قطر سے واپسی پر راولپنڈی دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے حکومت کو سات مطالبات پیش کیے ہیں ہم نے ان مطالبات پر پوری ورکنگ کی ہے اور حکومت کو روڈ میپ دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی کمیٹی کو ہمارے مطالبات ناقابل عمل لگ رہے ہیں تو دھرنا اور میڈیا کے سامنے بات کرے عوام آئی پی پیز کے کیپسٹی چارجز ادا نہیں کرینگے ذرائع۔

بقیہ 49 وفد
قلی کھیتر کے نمائندہ وفد نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے مزید کہا کہ بڑی مشکل سے ہمیں یہ رابطہ پل ملا تھا جو کہ ٹھیکیدار کی وجہ سے پل شدید خطرہ میں ہے ٹھیکیدار فنڈ ختم ہونے کا بہانہ بنا کر چلا گیا ہے جہاں پر بھی پل تعمیر ہوئے ہیں ان کی دیواریں لازمی فنڈ میں ہوتی ہیں اگر اس پل کی دیواریں بھی تھی تو پھر ٹھیکیدار نے دیواریں کیوں نہیں لگائی ہم اپنے منتخب نمائندوں شاہ جہاں یوسف اور قائد سردار یوسف سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری گلی کھیتر رابطہ پل کی دیواروں کیلئے مزید فنڈ دیں اگر دیواروں کا فنڈ تھا تو ٹھیکیدار سے پوچھا جائے کہ اس نے پل کی دیواریں کیوں نہیں لگائی لہٰذا پل کو گرنے سے بچایا جائے اور پل کی دیواریں فوری تعمیر کی جائیں۔

بقیہ 50 مشکلات
جاتی ہے بار بار متعلقہ محکمہ کے ذمہ داران کے علم میں لانے کے باوجود کوئی شنوائی حاصل نہیں ہو رہی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

بقیہ 51 محمد صادق
پاس ہوئے ہیں اب ان کو بھرتی سے باہر کرنا ناانصافی ہے محمد صادق تنولی بھلوڑہ نے ایک وفد کے ہمراہ کہا ہے کہ جیسا اطلاعات کے مطابق ہائی کورٹ اسلام آباد کے فیصلہ میں جیسے اسلام آباد پولیس میں صرف وفاق سے امیدواروں کا تحریری ٹیسٹ لینے کا کہا گیا ہے یہ سراسر ناانصافی ہے دیگر چار صوبے ہیں تو وفاق ہے اور دوسرے صوبوں کے نوجوانوں کی حق تلفی نہ کی جائے کیونکہ دوسرے صوبوں سے بھاری اخراجات برداشت کرتے ہوئے نوجوانوں نے دوڑ،قد چھاتی وغیرہ پاس کرنے والوں سے تحریری ٹیسٹ لیا جائے۔تحریری ٹیسٹ میں کال نہ ہونے کی صورت میں چار صوبوں کے نوجوانوں میں مایوسی پیدا ہوگی۔

بقیہ 52 آڈٹ
وجوہات کا جائزہ لیتے ہوئے آئی پی پیز سے متعلق ناقص پلاننگ کا اعتراف کیا گیا ہے۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق بجلی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے آئی پی پیز کا استعمال درست طریقے سے نہیں کیا گیا،حکومت نے بجلی کی قیمت کا تعین اور حکومتی گارنٹی کا غلط استعمال پوشیدہ مفادات کے تحت کیا۔2013 سے 2023 تک بجلی کی لاگت کے مقابلے میں ادائیگیاں زیادہ کی گئیں۔بجلی کی پیداوار کو منتقل کرنے اور ڈسٹری بیوشن کا نظام بھی ناکافی تھا۔ٹرانسمیشن سسٹم صرف 23 ہزار میگاواٹ کا لوڈ اٹھا سکتا ہے جبکہ پیداواری صلاحیت 36 ہزار میگاواٹ تک بڑھائی گئی۔آڈٹ رپورٹ میں کہا گیا کہ امپورٹڈ فیول آئل سے بجلی پیدا کرنے کے پلانٹس پر زیادہ دارومدار رکھا گیا۔1994 کی پاور پالیسی میں فرنس آئل اور گیس سے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کو مراعات دی گئیں۔بجلی کی خریداری میں بھی متعلقہ اداروں کی بے ضابطگی سے صارفین کو مہنگی بجلی مہیا کی گئی۔بجلی پیدا کرنے والے ہر پلانٹ کا سالانہ کیپسٹی ٹیسٹ لازمی ہوتا ہے،لیکن ہر سال طریقہ کار کے مطابق ٹیسٹ نہ کرنے کی وجہ سے پلانٹس کو کیپسٹی پیمنٹس خلاف ضابطہ دی جاتی رہیں۔آڈٹ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ حکومتی پالیسی کا ایسا انداز میں بنانا ملک کے معاشی ڈھانچے کو ہلا کر رکھ دیتا ہے،ڈسکو کمپنیز کو ریونیو اکٹھا کرنے کے لیے درست طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے،نیپرا ڈسکوز کو ریوارڈ اور پینلٹی کے ٹارگٹ دے سکتی ہے تاکہ یہ اپنے نقصانات کم کرسکیں۔

ایک کنال پلاٹ برائے فروخت
آرمی میوزک سنٹر کے قریب ایک عدد پلاٹ برائے فروخت مین جی ٹی روڈ سے تقریباً ایک کلو میٹر فاصلہ، پائن ٹری کے درمیان انتہائی پرفضا مقام
ڈیمانڈ 4لاکھ 50ہزار پر مرلہ۔۔
خواہشمند حضرات اس نمبر پر رابطہ کریں۔ شکریہ
0334-9993147
0349-1909284

خوشخبری انعامات خوشخبری
ثاقب فلنگ سٹیشن حرنو ایبٹ آباد میں یوم آزادی پاکستان کے پرمسرت موقع پر
موبل آئل کی خریداری پر بذریعہ قرعہ اندازی درج ذیل انعامات
پہلا انعام دوسرا انعام
جلدی آئیں کہیں آپ رہ نہ جائیں
قرعہ اندازی 15 ستمبر کو کی جائے گی (ان شاء اللہ)
LED 24"
سہ پہر 04:00 بجے پمپ میں

پیپلز پارٹی نے حکومت کو نئے انتخابات کرانے کا مشورہ دے دیا

اگر حکومت کو خطرہ ہے تو وزیر اعظم پاکستان اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرا لیں

ہری پور (نیوز رپورٹر) حکومت کو خطرہ ہے تو وزیر اعظم اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرا لیں، پیپلز پارٹی۔ پیپلز پارٹی نے حکومت کو اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرانے کا مشورہ دے دیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پی پی پی) کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت کو خطرہ ہے تو اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرا لیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف صدر مملکت آصف زرداری کو ایڈوائس ارسال کریں اور اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرا لیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہم سے شیئر کیوں نہیں کیا کہ اسے خطرہ ہے، پیپلز پارٹی پارلیمنٹ میں حکومت کو مضبوط کرنے کے لیے تیار ہے مگر وہ کچھ ڈیلیور تو کرے، صدر زرداری بارہا یہ بات کہہ چکے ہیں کہ بیٹھ کر بات کرتے ہیں اور وہ اس سلسلے میں کردار ادا کر سکتے ہیں مگر کوئی آفر تو ہو، سسٹم ڈی ریل ہو گیا تو نقصان ملک کا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے انتخابات کے نتائج کو تحفظات کے ساتھ قبول کیا، اگر ہم ن لیگ کا ساتھ نہ دیتے تو کیا آج پارلیمان اور چیف ایگزیکٹو کا آفس چل سکتا تھا؟

ہری پور کے درجنوں غیر قانونی اڈوں سے وصولیاں کی جا رہی ہیں

شہر کے تمام چھوٹے بڑے جہاں بھی اڈے ہیں ان سے کون بھتہ وصولیاں کرتا ہے

ہری پور (تحسین زیب اعوان سے) ادارہ جیرہ گری چوہٹ راج، محکمہ آر ٹی اے کا غیر قانونی اڈوں کے خلاف کارروائی نہ کرنا عوام نے مبینہ بھتہ اور رشوت وصولی سے مشروط قرار دے دیا، ہری پور کے درجنوں غیر قانونی اڈوں سے لاکھوں روپے وصولیاں کی جا رہی ہیں، شہر کے تمام چھوٹے بڑے جہاں بھی اڈے ہیں ان سے کون بھتہ وصولیاں کرتا ہے اور کون سا اڈہ کتنا دے رہا ہے عنقریب لسٹ جاری کی جائے گی، حیرانگی والی بات تو یہ ہے کہ اس سے قبل بھی کئی مرتبہ آر ٹی اے ہزارہ کے افسران و سٹاف وزٹ بھی ہری پور میں رہے ہیں مگر غیر قانونی اڈوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہو سکی حالانکہ ٹریفک قوانین کے مطابق شہریوں کو سفری سہولیات کی فراہمی میں بیٹھنے کی جگہ صاف پانی کی سہولت اور گرمیوں میں پنکھے والی جگہوں پر مسافروں کو بٹھانے کے انتظامات سمیت صاف ستھری سیل فی میل علیحدہ علیحدہ واش روم جیسے انتظامات مسافروں کو میسر ہونگے لیکن ایسا نہیں ہو رہا ہے

وحید انجم خان کی مخلصانہ کوششیں قابل ستائش ہیں، نمائندہ وفد

عوامی سہولیات کی فراہمی، تناول کو وحید انجم جیسے لوگوں کی ضرورت ہے

پھلوڑہ (نمائندہ شمال) تناول کی عوام کو سہولیات کی فراہمی اور علاقہ تناول کی ترقی کیلئے وحید انجم خان کی مخلصانہ کوششیں قابل ستائش ہیں ... ایس ڈی ای او کی تعیناتیاں وغیرہ ہیں اور جلد ہی تحصیلدار کی تعیناتی بھی ہونا یقینی ہے جس سے ... جس کی وجہ تناول کو تحصیل کا تحفہ ملنے کے ساتھ ساتھ تحصیل تناول کے ہیڈ کوارٹر پھلوڑہ میں ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا قیام ہوا اسی طرح ایجوکیشن کی جانب سے تحصیل تناول کیلئے الگ ... خان کا ناقابل فراموش کارنامہ ہے اسی وجہ سے متحدہ قومی تحریک ضلع تناول کا ان کو سپریم لیڈر بھی بنایا گیا اور یہ قوی امید ہے کہ ضلع تناول بھی وہ حاصل کرنے میں کامیاب ہونگے۔

مانسہرہ، پی ٹی آئی میڈیا کوآرڈینیٹر سید گلناز شاہ سابق امیدوار قومی اسمبلی این اے چودہ سلیم عمران سواتی سے دوران ملاقات پانچ اگست جلسہ حوالے سے مشاورت کرتے ہوئے

فلاح انسانیت اور یکجہتی کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے

پاکستان امن کونسل برائے انسانی حقوق ضلع ایبٹ آباد کے نو منتخب عہدیداران نے عہدوں کا حلف اٹھا لیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان امن کونسل برائے انسانی حقوق ضلع ایبٹ آباد کے نو منتخب عہدیداران نے عہدوں کا حلف اٹھا لیا۔ صوبائی آرگنائزر سلیم دولت زئی نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ اس موقع پر ریجنل چیئرمین ہزارہ ریجن طاہر خان تنولی بھی شریک تھے۔ نو منتخب کابینہ میں ضلع ایبٹ آباد کے چیئرمین سردار عبدالرشید، سینئر وائس چیئرمین سردار شوکت، محمد خان سواتی جنرل سیکرٹری، محمد ممتاز قریشی ڈپٹی جنرل سیکرٹری، سردار محمد سلیم سیکرٹری اطلاعات و نشریات، وائس چیئرمین، محمد طارق جوائنٹ سیکرٹری، امجد علی جوائنٹ سیکرٹری شامل ہیں۔ اس موقع پر صوبائی آرگنائزر سلیم دولت زئی کا کہنا تھا سوشل میڈیا کا غلط استعمال کر کے ملک میں نفرت کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ اداروں کے بارے میں ایک منظم سوچ کو پروان چڑھا کر مقابلے کی فضا بنائی جا رہی ہے۔ امن کونسل پاکستان کا بنیادی مقصد ملک میں یکجہتی کو فروغ دینا اور امن کی کوشش کرنا ہے۔ ملک میں امن، روزگار، ترقی اور خوشحالی سے عوام کا معیار زندگی بلند ہوگا۔ امن کونسل پاکستان عوام اور اداروں کے مابین محبت کو فروغ دینا ہے۔ نو منتخب چیئرمین ایبٹ آباد سردار عبدالرشید، جنرل سیکرٹری محمد خان سواتی، ریجنل چیئرمین طاہر خان تنولی، ریجنل جنرل سیکرٹری ملک اسفندیار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ امن کونسل پاکستان برائے انسانی حقوق کے منشور کے مطابق فلاح انسانیت اور یکجہتی کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے اور ہزارہ بھر میں اس کی تنظیم سازی کو مکمل کریں گے۔

حویلیاں، نوجوان نسل کی تربیت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے صدر پاکستان مشائخ کونسل پیر سید محی الدین محبوب کاظمی خانقاہ محبوب آباد شریف خطاب کرتے ہوئے

ہری پور انتظامیہ کی ملی بھگت کے باعث شہر بھر میں نیم حکیموں کے ڈیرے

متعدد مقامات پر جعلی زچہ و بچہ کے کلینک بھی کھل گئے، انسانی زندگیاں داؤ پر، شکایات کے باوجود بھی کارروائی نہ ہو سکی

ہری پور (گل جان خان سے) ہری پور ڈرگ انسپکٹر کی مبینہ ملی بھگت یا ڈیل کے باعث ہری پور کے طول و عرض میں دو نمبر کلینک ہاسپٹل کی بھرمار، صوبائی حکومت و محکمہ صحت کی جانب سے مانیٹرنگ ٹیمیں بھی رشتہ داریاں پالنے تک محدود، غیر رجسٹرڈ کلینک ہاسپٹل ایک طرف قومی خزانے کو چکمہ دے رہے ہیں تو دوسری جانب شہریوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں، ہری پور شہر میں ان دو نمبر کلینک و ہاسپٹل کی وجہ سے زچگی کے کیسوں میں خطرناک حد تک اضافہ، ڈرگ انسپکٹر کی مبینہ کمک کا پالیسی یا پھر خصوصی نوازش کی بدولت ہری پور شہر میں نان پروفیشنل ڈاکٹروں نے ہری پور شہر کے باسیوں کو لوٹنا شروع کر دیا، صوبائی وزیر صحت خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے ڈرگ انسپکٹر ہری پور کا قبلہ درست کریں، تا کہ ہری پور کی عوام ان اتائیوں سے محفوظ رہ سکے، اس ضمن میں ضلع ہری پور کے سنجیدہ حلقوں کا کہنا ہے کہ بدقسمتی سے ضلع میں جنگل کا قانون نافذ ہونے کے باعث محکمہ صحت ہری پور کے افسران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں دو نمبر کلینک اور ہاسپٹل میں نان پروفیشنل و ان پڑھ جعلساز لیڈی ڈاکٹروں کے ذریعے اموات ہو رہی ہیں اور اب تک درجنوں بنت حوا ان کے بے رحمانہ رویہ و نان پروفیشنل کے باعث زندگی کی بازی ہار چکی ہیں سنجیدہ حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلع میں محکمہ صحت کے افسران و عملہ کی کارکردگی کو چیک ان کے حاضری چیک اور میل فی میل میڈیکل سٹاف پر کڑی نظر رکھنے کے حوالے سے باقاعدہ مانیٹرنگ بھی تعینات کیے گئے ہیں لیکن لگتا ہے کہ ان کے تلوں میں تیل نہیں ہے جس کی وجہ سے ضلع ہری پور میں ڈرگ انسپکٹر کی مبینہ آشیرباد سے درجنوں جعلی کلینک اور ہسپتال چل رہے ہیں اور آج تک ڈرگ انسپکٹر نے کوئی کارروائی نہیں کی ہے کھلا چھوڑ دیا ہے جہاں افغانی ڈاکٹرز کی جماعت کھل گئی ہیں اور کلینک کھول کر شہریوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں جن کے خلاف محکمہ صحت کے افسران سمیت ڈرگ انسپکٹر نے ان کے خلاف کارروائی کرنے کا گوارہ تک نہیں کیا ہے یہی وجہ ہے کہ ضلع میں اس نااہل افسران کی وجہ سے آج دور پار سمیت گلی محلوں میں میڈیکل سٹور اور کلینک کھلے ہوئے ہیں اور محکمہ صحت کے افسران و ڈرگ انسپکٹر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

مانسہرہ، مون سون شجرکاری مہم کے سلسلے میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالسلام ننھے طلباء کے ہمراہ درخت لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کرتے ہوئے

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شفافیت ضروری میرٹ کو یقینی بنایا جائے

حجروں کی بجائے سرکاری عمارتوں میں عوام کو بلا کر بلا امتیاز میرٹ پر امداد کی تقسیم کو یقینی بنانا ضروری ہے، ملک فاروق

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں ہر صورت میرٹ کا خیال رکھا اور عوامی شکایات کا ازالہ کیا جائے حجروں کی سیاست کو فوری ختم کیا جائے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر حاجی ملک محمد فاروق تنولی نے گزشتہ روز مانسہرہ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر کا دورہ کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ پیپلز ٹریڈ ایسوسی ایشن کے ڈویژنل صدر بابر خان تنولی، پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ مانسہرہ کے جنرل سیکرٹری مقصود خان اور مانسہرہ کے سینئر صحافی بھی ہمراہ تھے اس موقع پر عوامی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ملک فاروق تنولی ڈویژنل صدر نے ضلعی دفتر بینظیر انکم سپورٹ میں پائی جانے والی بے قاعدگیوں کا جائزہ لیا اور سخت نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ دفتر کا عملہ عوامی سروے کے دوران اس بات کا خاص خیال رکھے کہ دفتری عملہ حجروں میں جا کر عوامی سروے کے بجائے ہر وی سی میں جا کر سرکاری عمارتوں ویلج کونسل آفس، بی ایچ یوز، سکولوں میں جا کر عوام الناس کو بلا امتیاز آگاہی دیتے اور لیتے ہوئے میرٹ پر عوامی سروے مکمل کرے اور حقداروں کو کسی بھی طور پر محروم نہ کیا جائے ورنہ اس کا سخت نوٹس لیا جائے گا انہوں نے کہا کہ دفتری عملہ کسی بھی طور حجروں میں جا کر عوامی سروے نہ کرے اور اس بات کا خاص خیال رکھے کہ عوامی سروے سرکاری عمارتوں ویلج کونسل دفاتر، سرکاری سکولوں، سرکاری بی ایچ یوز میں عوام کو بلا کر بلا امتیاز میرٹ کو یقینی بناتے ہوئے خصوصی اقدامات کرے اور کسی بھی صورت حقداروں کو محروم نہ کیا جائے ملک محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3) ساتھ دے سر (نمائندہ شمال) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے نئے سروے شفاف طریقے سے ہونے چاہئیں ملک فاروق تنولی سروے ٹیموں کا انتخاب بااثر شخصیات کے حجروں یا کوٹھیوں کی بجائے سرکاری دفاتر میں ہونا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق مانسہرہ میں عوامی شکایات پر ڈویژنل صدر پاکستان پیپلز پارٹی ملک فاروق تنولی نے فوری ایکشن لیتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام آفس مانسہرہ کا ایک ہنگامی دورہ کیا ان کے ہمراہ پیپلز ٹریڈ ایسوسی ایشن ہزارہ ڈویژن کے صدر بابر تنولی اور جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی مسعود خان اور دیگر عہدیداران پیپلز پارٹی شامل تھے جنہوں نے انچارج بینظیر انکم سپورٹ پروگرام مانسہرہ سے ملاقات کی ملک فاروق تنولی نے انچارج پروگرام پر واضح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ایبٹ آباد، ماڈرن ایج پبلک سکول اینڈ کالج میں اختر رضا سلیمی کے ساتھ مکالمہ کی تقریب سے واحد سراج میر اور احمد حسین مجاہد خطاب کر رہے ہیں

مانسہرہ ہزارہ سمیت ہزارہ کے مختلف علاقوں میں من مانے کرایوں کی وصولی

ٹرانسپورٹرز کو تاحال لگام نہ دی جا سکی، مختلف شہروں اور لوکل روٹس پر بھی اپنی مرضی کے کرائے وصول کیے جا رہے ہیں

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مانسہرہ، ایبٹ آباد اور دیگر علاقوں کے ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں کمی نہیں کی جب پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹر فوری طور پر کرایوں میں اضافہ کر دیتے ہیں مگر جب پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کی جاتی ہے تو ٹرانسپورٹر کرایوں میں کمی نہیں کرتے محکمہ آر ٹی اے کی غفلت اور لاپرواہی ضلع مانسہرہ ایبٹ آباد میں ٹرانسپورٹروں نے ظالمانہ کرایوں کی وصولی شروع کر رکھی ہے سٹاپ ٹو سٹاپ تیس روپے کرایہ وصول کیا جاتا ہے شنکیاری سے مانسہرہ نوے روپے کرایہ وصول کیا جاتا ہے شن کیاری سے ڈاڈر ستر روپے اور شنکیاری سے جبوڑی 100 روپے اور شنکیاری سے بھوگڑمنگ 90 روپے اور شنکیاری سے منڈہ گچھ بٹل جبڑ دوسو روپے کرایہ وصول کیا جاتا ہے، عوامی حلقوں نے محکمہ آر ٹی اے سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ظالمانہ کرایوں میں کمی کر کے تمام ٹرانسپورٹروں کو سرکاری کرایہ نامے جاری کیے جائیں۔

ممبر بورڈ آف گورنرز ڈاکٹر عالم زیب منان کا ایوب میڈیکل کالج کا دورہ

مانسہرہ، پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سلیم عمران سواتی شمال کے رپورٹر شفیع نذیر سے 5 اگست صوابی جلسہ حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے

ڈسٹرکٹ بار مانسہرہ کے وکلاء کو بدنام کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائیگی

آئندہ کیلئے بھی ڈسٹرکٹ بار کلب مانسہرہ میں کسی بھی قسم کی غلط سرگرمیوں میں ملوث عناصر کو نہیں چھوڑیں گے، حافظ محمد تسیم خان

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) مانسہرہ ڈسٹرکٹ بار کلب میں غیر قانونی سرگرمیوں کا قلع قمع کر دیا گیا ہے مانسہرہ ڈسٹرکٹ کلب میں یکم اپریل 2024 سے غیر قانونی سرگرمیوں کو ختم کر دیا گیا ہے آئندہ کیلئے بھی ڈسٹرکٹ بار کلب مانسہرہ میں کسی بھی قسم کی غلط سرگرمیوں میں ملوث عناصر کو نہیں چھوڑیں گے غلط سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈسٹرکٹ بار کلب مانسہرہ میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا ان خیالات کا اظہار مانسہرہ ڈسٹرکٹ بار کلب کے صدر حافظ محمد تسیم خان نے شنکیاری میں روزنامہ شمال کے ڈپٹی بیورو چیف حاجی طارق حسین سواتی سے ایک اہم ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ آئندہ کے لئے کوئی بھی کلب غلط سرگرمیوں کی جرات نہیں کرے گا جو وکلاء کے لئے بدنامی کا سبب بنے اور وکلاء کو بدنام کرے، وکلاء کو بدنام کرنے کے لئے چند مافیا کے لوگ جو ڈسٹرکٹ بار کلب میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھے ان کے خلاف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کریں گے وکلاء کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے

تورغر میں شہداء پولیس کو خراج پیش کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد

ڈی سی ضیاء الرحمان مروت نے یادگار شہداء پر سلامی دی اور پھول چڑھائے

تورغر (بیورو رپورٹ) 04 اگست 2024 کو پولیس لائنز جدبا تورغر میں شہداء پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک تقریب منائی گئی ڈی پی او تورغر سید مختار شاہ (PSP) اور ڈپٹی کمشنر تورغر ضیاء الرحمان مروت نے یادگار شہداء پر سلامی دی اور پھول چڑھائے اور دعا کی۔ شہدا کے بچوں نے پولیس لائنز تورغر میں شہدا کی یاد میں پودے بھی لگائے تقریب میں لواحقین شہداء پولیس، ایس پی انویسٹی گیشن تورغر شاہ نواز خان، اسسٹنٹ کمشنر جدبا حسرت خان صدر ایاسین تو... پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ملی نغمے، اور مقامی شعراء نے اشعار پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر ضیاء الرحمان مروت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تورغر سید مختار شاہ (PSP) نے اپنے تقاریر میں شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور غیور اقوام ہلا شبہ اپنے ہیروز کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں اور ملک و قوم کیلئے ان کی قربانی کبھی فراموش نہیں کرتے ڈی پی او تورغر سید مختار شاہ (PSP) نے آج یوم شہداء پولیس جوانوں سے عہد لیا کہ ملک دشمن دہشت گردوں کے عزائم کبھی پورا نہ ہونے ...

تورغر DPO مختار شاہ شہداء پولیس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈاپور نے تھانہ بفہ کا تفصیلی دورہ کیا

تھانہ کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا، ریکارڈ و کرائم سے متعلق معلومات لیں

پھلوڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ میں ٹاؤٹ مافیا کا داخلہ بند، عوام اپنے جائز مسائل کے حل کے لیے خود تھانوں میں تشریف لائیں کسی کو ساتھ لانے کی ضرورت نہیں، کسی مظلوم کی اگر تھانے میں دادرسی نہ ہو تو متعلقہ ایس پی، ڈی ایس پی یا میرے دفتر تشریف لائیں، شفیع اللہ گنڈاپور۔ پولیس افسران تھانے آنے والے تمام درخواست گزاروں کے ساتھ خندہ پیشانی اور خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔ اور ٹیک ٹیمیں سے اپنے فرائض سر انجام دیں۔ ڈی پی او مانسہرہ ڈی پی او مانسہرہ شفیع اللہ گنڈاپور کا تھانہ بفہ کا تفصیلی وزٹ دورہ۔ دورہ کے موقع پر ڈی پی او مانسہرہ نے تھانہ کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈی ایس پی سرکل، ایس ایچ او تھانہ اور محرر سٹاف سے تھانہ کے تمام ریکارڈ اور کرائم سے متعلق معلومات لیں۔ ایس ایچ او تھانہ و دیگر افسران تھانہ کو تھانے کی حدود میں ہونے والے ناخوشگوار واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کرنے اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے ہدایات جاری کیں۔

حالیہ مون سون طوفانی بارشوں کے باعث دانہ لنک روڈ بھی مکمل طور پر تباہ

سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے عوام سمیت ٹرانسپورٹرز کو بھی شدید مشکلات کا سامنا، سڑک کی تعمیر و مرمت کا مطالبہ

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) دانہ گاؤں مسائلستان بن گیا حالیہ مون سون کی شدید طوفانی بارشوں سے دانہ لنک روڈ مکمل تباہ ٹرانسپورٹر گاڑیاں کھڑی کرنے پر مجبور عوام کو سفری مشکلات کا سامنا منتخب عوامی نمائندوں سے روڈ کی فی الفور از سر نو تعمیر کا عوامی مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اہلیان دانہ کے نمائندہ وفد نے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ منتخب عوامی نمائندوں کی نظروں سے اوجھل دانہ گاؤں مسائلستان بن چکا ہے حالیہ مون سون کی شدید طوفانی بارشوں نے روڈ جو کہ پہلے ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے روڈ پر گاڑیوں کا چلنا محال ہو چکا ہے جس کی وجہ سے بعض ٹرانسپورٹروں نے بھی اپنی گاڑیاں کھڑی کر دی ہیں جس سے عوام کو بازار آنے جانے اور ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو ہسپتال لانے لے جانے میں بھی سفری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا منتخب ایم این اے سردار یوسف ایم پی اے بابر سلیم سواتی سے مطالبہ ہے ... دانہ روڈ کی از سر نو تعمیر کے انتظامات جاری کروا کر حق نمائندگی ادا کریں۔

مانسہرہ، مرکزی جامع مسجد اہلحدیث میں ایگرا فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال شیخوپورہ کی جانب سے لگائے گئے فری آئی میڈیکل کیمپ میں مریضوں فری کا چیک اپ اور ادویات و عینکیں دی جا رہی ہیں دوسری جانب ڈاکٹر عمران و ڈاکٹر مولانا ضیاء الحق پریس بریفنگ دیتے ہوئے

ایبٹ آباد موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے کیلئے سماجی تنظیمیں میدان میں

پی ایم اے بائی پاس روڈ پر 170 چنار کے پودے جبکہ ڈھوڈیال کو سرسبز بنانے کیلئے ایک ہزار پودے لگائے گئے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لئے سماجی تنظیمیں میدان میں آ گئی ہیں۔ سماجی تنظیم شعور نے پی ایم اے بائی پاس روڈ پر 170 چنار کے پودے لگائے ...

الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال کی جانب سے فری آئی میڈیکل کیمپ کا انعقاد

میڈیکل کیمپ کا مقصد مستحق مریضوں کا فری علاج اور ادویات فراہمی ہے، ڈاکٹر عمران

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی، فری آئی میڈیکل کیمپ کا مقصد مستحق مریضوں کا فری علاج اور فری ادویات فراہمی خدا تعالیٰ کی خوشنودی کا حصول ہے، ڈاکٹر عمران، مولانا ضیاء الحق ...

فقہ اسلامی میں نکاح کیلئے برابری کفائت شرعاً معتبر ہے، سیدمحی الدین محبوب

حویلیاں (نامہ نگار) فقہ اسلامی میں نکاح کے لیے برابری کفائت شرعاً معتبر ہے۔ ان خیالات کا اظہار پیر سید محی الدین محبوب، سید نذیر شاہ، سید وسیم الحسن شاہ نے محبوب آباد شریف حویلیاں ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پکھلوہ، تاجر رہنما عبدالجلیل قریشی اظہار خیال کر رہے ہیں

بفہ۔۔۔۔ ویلج کونسل آچھل کے چیئرمین کے گاؤں پاترای کی سڑک کی بارشوں کے بعد کی حالت

ایبٹ آباد، شہدا پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، نورالعین

ملکی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کو نچھاور کرنیوالوں کو ہم کبھی فراموش نہیں کر سکتے

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) شہدا پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آج کے دن ہم تمام شہدا پولیس کو ان کی لازوال قربانیوں پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ...

پاک فوج کی ملک کیلئے قربانیاں قابل تحسین ہیں، عوامی حلقے

بفہ (نامہ نگار) پاک فوج اور پاکستان پولیس کے جوانوں کی ملک کے لیے لازوال قربانیاں قابل تحسین ہیں ...

طوفانی بارشوں کے باعث پوری کوشن ویلی میں بھی سڑکیں تباہ ہو گئیں

کوشن ویلی کی رابطہ سڑکوں کی حالت پہلے ہی قابل رحم تھی، رہی سہی کسر مون سون کی بارشوں نے پوری کر دی

ایبٹ آباد، بزم علم و فن پاکستان (ہزارہ) کا خصوصی پروگرام کا انعقاد

تقریب کا آغاز سہیل احمد صمیم نے تلاوت سے کیا، احباب کی بڑی تعداد میں شرکت

بٹگرام کی سرزمین پر شرپسند عناصر کے لئے کوئی ٹھکانہ نہیں ہے

بٹگرام کے باشندے ہمیشہ سے ظلم کے خلاف آواز اٹھاتے رہے ہیں، محمد اسحاق خٹک

اپیل بنام جناب ڈی آئی جی ہزارہ، ڈی پی او مانسہرہ، ڈی ایس پی تھانہ شنکیاری

جناب عالی! آپ سے میں ہاتھ جوڑ کر اپیل کرتی ہوں کہ مجھے میرا پڑوسی فریدون ولد محمود ساکنہ بن ڈھوڈر سخت تنگ کرتا ہے اور مجھے اپنے پاگل بیٹے کے ہاتھوں قتل کرانا چاہتا ہے ...

قادیانی نہ تو کوئی مذہب ہے نہ فرقہ بلکہ ایک فتنہ ہے، عبدالجلیل

اے ڈی او ایف سی نعمان ظفر انیف سی ہیڈ کوارٹر اوگی میں یوم شہداء تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں